آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز جمعرات 14 مئی 2020ء بمطابق 20 رمضان المبارک 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ 135

(سلوگن) جب تک کرونا وائرس کا خاتمہ نہیں ہوتا منہ پر ماسک چڑھا کر رکھیں اور سینیٹائزر کی شیشی اپنے پاس رکھیں۔ ذرا سوچئے ایک چھوٹی سی لاپرواہی سے کتنا بڑا نقصان ہو سکتا ہے۔

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

ظہر	4:24
عصر	2:00
مغرب	5:45
عشاء	7:12
	08:45

اہل تشیع	فجر صبح	04:15
	ظہرین	01:00
	مغربین	07:27

بلوچستان کا حکومت اور عوام کی ترقی و خوشحالی کیلئے تعاون ہمارا فرض ہے

چیف آف آرمی سٹاف

تمام کمانڈرز کو ہدایت کہ وہ دور دراز علاقوں میں لوگوں تک پہنچیں اور کورونا وائرس کی وجہ سے عوام کو درپیش مسائل سے نمٹنے میں انکی مدد کریں

بلوچستان پاکستان کا مستقبل ہے ہمارا فرض ہے کہ پرامن اور خوشحال بلوچستان کی تکمیل میں حکومت اور عوام کی مکمل مدد کریں، جنرل قمر جاوید باجوہ

وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان سے رکن صوبائی اسمبلی سید احسان شاہ ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) چیف آف آرمی سٹاف جنرل قمر جاوید باجوہ نے کہا ہے کہ بلوچستان پاکستان کا مستقبل ہے ہمارا فرض ہے کہ پرامن اور خوشحال بلوچستان کی تکمیل میں حکومت اور عوام کی مکمل مدد کریں، تمام کمانڈرز بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں عوام کو کورونا وائرس کی وجہ سے درپیش مسائل سے نمٹنے کے لئے مدد فراہم کریں۔ یہ بات انہوں نے منگل کو دورہ کوئٹہ کے موقع پر افسران اور جوانوں سے خطاب کرتے ہوئے کہی، آئی ایس پی آر کے مطابق چیف آف آرمی سٹاف جنرل قمر جاوید باجوہ نے کوئٹہ کا دورہ کیا جہاں انہیں سدرن کمانڈ ہیڈ کوارٹرز میں برفنگ دی گئی آرمی چیف

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

کرونا وائرس کے معاشی نقصانات کے ازالے کیلئے ہمیں اپنے قدرتی وسائل سے استفادہ کرنا ہوگا

وزیراعلیٰ بلوچستان

دنیا کے بہت سے ممالک نے کیج فارمنگ کے ذریعے اپنی سمندری پیداوار میں اضافہ کرتے ہوئے سمندری پیداوار کی بین الاقوامی مارکیٹ میں برتری حاصل کی ہے

کورونا وائرس کے معاشی نقصانات کے ازالے کے لیئے ہمیں اپنے قدرتی وسائل سے بھرپور استفادہ کرنا ہوگا' وفاقی حکومت ساحلی ترقی کے منصوبوں کیلئے سوفٹ قرضہ فراہم کر رہی ہے

بلوچستان کا ساحل اور سمندری پیداوار ایسے قیمتی اثاثہ جات ہیں، ساحلی علاقوں میں روزگار کے مواقعوں اور معاشی سرگرمیوں میں اضافہ کیا جا سکتا ہے، وزیراعلیٰ جام کمال خان

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان نے کہا ہے کہ بلوچستان کا طویل ساحل اور سمندری پیداوار ہمارے ایسے قیمتی اثاثہ جات ہیں جنہیں صحیح معنوں میں بروئے کار لا کر ساحلی علاقوں میں روزگار کے مواقعوں اور معاشی سرگرمیوں میں اضافہ کیا جا سکتا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے فشریز سیکٹر کے ترقیاتی منصوبوں کی پیش رفت کے جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا کورونا وائرس کی احتیاطی تدابیر کے پیش نظر اجلاس ویڈیو لنک کے ذریعے منعقد کیا گیا چیف سیکرٹری فضیل اصغر ایڈیشنل چیف سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات سیکرٹری خزانہ اور سیکرٹری ماہی گیری نے اپنے اپنے دفاتر سے اجلاس میں شرکت کی وزیراعلیٰ نے کیچ فارمنگ اور لینڈنگ جیٹیوں کے قیام کے منصوبوں کو جلد از جلد عملی جامع پہنانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

بلوچستان بینظیر پروگرام میں ملازمت لینے والے 554 سرکاری ملازمین کو نوٹسز جاری

3 آفیسران نے رقم واپس جمع کرادی جبکہ 70 آفیسران کے بیانات قلمبند کر لئے گئے

کوئٹہ (آن لائن) وفاقی تحقیقاتی ایجنسی کرائم سرکل بلوچستان نے جینیئر اکم پیسپورٹ پروگرام میں وکلیہ لینے والے گریڈ 17 سے 20 تک کے 554 سرکاری ملازمین کو نوٹسز جاری کر دیئے 3 آفیسران نے رقم واپس جمع کرادی جبکہ 70 آفیسران کے بیانات قلمبند کر لئے

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

وزیراعظم سے اراکین قومی اسمبلی کی ملاقات، کورونا وائرس کی مجموعی صورتحال پر گفتگو

پارلیمنٹیرینز اپنے متعلقہ حلقوں میں عوام کو کورونا وائرس سے بچاؤ کی حفاظتی تدابیر اختیار کرنے کی ترغیب دیں، عمران خان

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے پارلیمنٹیرینز کو عوام الناس سے مستقل رابطے میں رہنے اور ان کے مسائل کے فوری حل کرنے کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس ضمن میں حکومت ہر ممکن وسائل فراہم کریگی، پارلیمنٹیرینز اپنے متعلقہ حلقوں میں

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وزیراعظم عمران خان اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

غریب ممالک کے لیے کثیر الفریقی جامع حکمت عملی کی ضرورت ہے، وزیر خارجہ

صحت کی وزارتوں کے درمیان زیادہ اشتراک عمل، مشترکہ تحقیق اور ایس سی او ہسپتال الائنس کی تشکیل ضروری ہے

پاکستان میں اموات کی شرح کم ہے، ہم احتیاطی تدابیر اور اپنی ذمہ داریوں کے حوالے سے خبردار اور ہوشیار ہیں، شاہ محمود قریشی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی نے کرونا وبا کی روک تھام اور عالمی برادری کی مدد میں قائدانہ کردار ادا کرنے پر چین کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان میں اموات کی شرح کم ہے ہم احتیاطی تدابیر اور اپنی ذمہ داریوں کے حوالے سے خبردار اور ہوشیار ہیں، غریب ممالک کے لیے کثیر الفریقی جامع حکمت عملی کی ضرورت ہے صحت کی وزارتوں کے درمیان زیادہ اشتراک عمل، مشترکہ تحقیق اور ایس سی او ہسپتال الائنس کی تشکیل ضروری ہے

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

فنانس ڈویژن کی جانب سے این ایف سی کمیشن کے نوٹیفکیشن میں نقائص ہیں، رضا ربانی

آئین کے آرٹیکل 160 کے مطابق صدر این ایف سی کمیشن تشکیل دے گا، سابق چیئرمین سینٹ

اسلام آباد (این این آئی) سابق چیئرمین سینٹ اور پاکستان پیپلز پارٹی کے راہنما میاں رضا ربانی نے کہا ہے کہ فنانس ڈویژن کی جانب سے این ایف سی کمیشن کے نوٹیفکیشن میں نقائص ہیں۔ اپنے ایک بیان میں سابق چیئرمین سینٹ میاں رضا ربانی نے کہا کہ وزیر

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

وزیراعلیٰ پنجاب اور اسد عمر نے چینی کمیشن کے روبرو پیش ہو کر قانون کے احترام کی ایک مثال قائم کی، شبلی فراز

یہ بات عملی طور پر ثابت ہوگئی نئے پاکستان میں قانون افراد کے تابع نہیں بلکہ افراد قانون کے تابع ہیں، وزیر اطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب اور اسد عمر نے چینی کمیشن کے روبرو پیش ہو کر قانون کے احترام کی ایک مثال قائم کی، یہ بات عملی طور پر ثابت ہو گئی نئے پاکستان میں قانون افراد کے تابع نہیں بلکہ

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: صدر ڈاکٹر عارف علوی فیڈرل گورنمنٹ آرٹس و ٹیکنیز فنڈ کیلئے اسٹیرنگ کمیٹی کے 10 ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بیوہ خواتین کو عید کی خوشیوں میں شامل کرنے کیلئے ہماری جدوجہد جاری رہیگی' یاسمین اچکزئی

کوئٹہ (آن لائن) لخدمت فاؤنڈیشن خواتین ونگ بلوچستان کی صدر یاسمین اچکزئی نے کہا کہ یتیم بچوں کی کفالت کی سب سے بڑی اہم ذمہ داری ان کی ماؤں کی ہے ماؤں کو سہولیات و آسانی فراہم کرنا لخدمت فاؤنڈیشن کی ذمہ داری بن گئی ہے بیوہ خواتین کو ان کے گھروں پر ضروریات کیلئے نقدی فراہم کر کے ہم

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

کورونا وائرس کے پیش نظر حفاظتی پیرے روزانہ دن اور رات کے شفٹ میں کی جا رہی ہیں' طارق جاوید مینگل

کوئٹہ (غ ن) میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کی جانب سے بڑھتے ہوئے کورونا وائرس کے پیش نظر

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

کوئٹہ روڈ پر کلی شاہ کاریز کے قریب ٹریفک حادثہ 1 شخص زخمی

لورالائی (این این آئی) کوئٹہ روڈ پر کلی شاہ کاریز کے قریب ٹریفک حادثہ 1 شخص زخمی پولیس کے مطابق بد

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں کورونا وائرس کا ایک اور مریض جاں بحق اموات کی تعداد 28 ہوگئی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں کورونا وائرس کا ایک اور مریض جاں بحق اموات کی تعداد 28 ہوگئی، محکمہ

بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

نواحی علاقے بیکوہ میں بارودی سرنگ کے دھماکے کی زد میں آ کر قبائلی امن فورس کا رضاکار جاں بحق

ڈیرہ بگٹی (آن لائن) نواحی علاقے بیکوہ میں بارودی سرنگ کے دھماکے کی زد میں آ کر قبائلی امن

بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

نیشنل بینک کوئٹہ کے سات ملازمین میں کورونا وائرس کی تصدیق سٹی برانچ سیل کر دی گئی

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل بینک کوئٹہ کے سات ملازمین میں کورونا وائرس کی تصدیق سٹی برانچ سیل کر دی گئی ترجمان نیشنل بینک کے مطابق نیشنل بینک کوئٹہ کی سٹی برانچ کے سات ملازمین کو کورونا وائرس کی تصدیق ہونے کے بعد برانچ کو عارضی طور پر سیل کر دیا گیا ہے انہوں نے بتایا کہ سٹی برانچ کے امور سیکرٹریٹ برانچ سے

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

بھارت کشمیری عوام کی نسل کشی کر رہا ہے، مولانا فضل الرحمان کے بھارت کا اقتصادی بائیکاٹ کا فیصلہ خوش آئند ہے، علی امین گنڈاپور

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر علی امین گنڈاپور نے کہا ہے کہ بھارت کشمیری عوام کی نسل کشی کر رہا

بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

شہزادہ اکبر، سیف الرحمان بننے کی کوشش میں ایکسپوز ڈ ہو چکے ہیں، قادر پٹیل

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے راہنما رکن قومی اسمبلی عبدالقادر پٹیل نے مراد سعید اور

بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر

انفرادی ذمہ داری ہی اجتماعی صحت اور کووڈ 19 سے بچاؤ کا واحد ذریعہ ہے: اسد عمر

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر (این سی او سی) کے سربراہ اسد عمر نے کہا ہے کہ

بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر

ٹریننگ بیسٹنگ کورسز پالیسی کے تحت زیادہ ٹیسٹ کرنے کی پالیسی پر عمل درآمد جاری ہے، ڈاکٹر ظفر مرزا

اسلام آباد (این این آئی) معاون خصوصی برائے صحت ڈاکٹر ظفر مرزا اور فرسٹ لیڈی آف پاکستان محترمہ

بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

عوام کو اشیائے خورونوش کی دستیابی کو یقینی بنانے کے حوالے سے بھی ہدایات دیں' وزیراعظم

عوام کو اشیائے خورونوش کی دستیابی کو یقینی بنانے کے حوالے سے بھی ہدایات دیں' پارلیمنٹیرینز اپنے متعلقہ حلقوں میں عوام کو کورونا وائرس سے بچاؤ کی حفاظتی تدابیر اختیار کرنے کی ترغیب دیں

ناجائز منافع خوری، ذخیرہ اندوزی کی روک تھام اور عوام کو اشیائے خورونوش کی دستیابی کو یقینی بنایا جائے، حکومت ہر ممکن وسائل فراہم کرے گی، عمران خان کی ممبر قومی اسمبلی سے ملاقات میں گفتگو

عوام کو اپنے مسائل سے مستقل رابطے اور مسائل فوری حل کئے جائیں' وزیراعظم

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ پارلیمنٹیرینز اپنے متعلقہ حلقوں میں عوام کو کورونا وائرس سے بچاؤ کی حفاظتی تدابیر اختیار کرنے کی ترغیب دیں جبکہ ممبران ناجائز منافع خوری، ذخیرہ اندوزی کی روک تھام اور عوام کو اشیائے خورونوش کی دستیابی کو یقینی بنانے کے حوالے سے بھی ہدایات دی ہیں

تفصیلات کے مطابق وزیراعظم سے ممبر قومی اسمبلی رائے مرتضیٰ اقبال، ممبر صوبائی اسمبلی پنجاب سید عصام علی شاہ بخاری، سابق ایم این اے رائے حسن نواز اور ممبر قومی اسمبلی حاجی اختیار احمد چوہدری، سابق ممبر قومی اسمبلی چوہدری اعجاز احمد کی اسلام آباد میں علیحدہ علیحدہ

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

حکومت کو عوام کا احساس ہے عوام کو بھی احساس کرنا ہوگا' بلیدی

صوبائی حکومت نے کرونا کی وجہ سے صوبے میں عوام کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے سمارٹ لاک ڈاؤن کے نفاذ کا فیصلہ کیا

مارکیٹوں میں عوامی رش اور حکومتی ایس او پیز کی کھلم کھلا خلاف ورزی کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا' صوبائی وزیر خزانہ

کوئٹہ (غ ن) صوبائی وزیر خزانہ میر ظہور احمد بلیدی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت نے کرونا کی وجہ سے صوبے میں عوام کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے سمارٹ لاک ڈاؤن کے نفاذ کا فیصلہ کیا تاکہ کاروبار سے منسلک لوگ خصوصی اوقات میں حکومت کی طرف سے فراہم کردہ ایس او پیز کے اندر رہتے ہوئے کاروبار کر سکیں لیکن مارکیٹوں میں عوامی رش اور حکومتی ایس او پیز کی کھلم کھلا خلاف ورزی کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا اپنے ایک پیغام میں صوبائی وزیر نے کہا کہ عوام اور کاروبار سے منسلک افراد کو خود کرونا کے پھیلاؤ کو روکنا چاہیے اور مارکیٹوں میں عوام کے رش سے اجتناب کرنا چاہیے انہوں نے کہا کہ حکومت کو عوام کا احساس ہے مگر عوام کو بھی احساس کرنا ہوگا کیونکہ کرونا کا مقامی سطح پر پھیلاؤ کی شرح انتہائی زیادہ ہے جس کی وجہ سے عوام پر گھروں سے نکلنے پر جزوی پابندی ہے انہوں نے کہا کہ اس وباء سے صوبے کی معیشت کو ناقابل تلافی نقصان ہوا ہے اور اگر عوام کی رویہ میں تبدیلی نہ آئی تو اس کی شرح

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

دیامر بھاشا ڈیم پراجیکٹ' واپڈا نے مین ڈیم کی تعمیر کے لئے کنٹریکٹ ایوارڈ کر دیا

پراجیکٹ میں پانی ذخیرہ کرنے کی صلاحیت 8.1 ملین ایکڑ فٹ اور بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت 4500 میگاواٹ ہے، چیئرمین واپڈا

لاہور (این این آئی) وزیراعظم پاکستان عمران خان کی زیر صدارت ملک کی واٹر سیکیورٹی اور دیامر بھاشا ڈیم سمیت پانی اور پن بجلی کے مختلف منصوبوں کی تعمیر کے حوالے سے دو روز قبل منعقد ہونے والے اجلاس کے تناظر میں واپڈا کی جانب سے دیامر بھاشا ڈیم کی تعمیر شروع کرنے کے لئے کنٹریکٹرز کی بروقت سائٹ پر موبلائزیشن اور مطلوبہ افراد کو تعینات کرنے کے لئے تمام ممکنہ اقدامات عمل میں لائے جا رہے ہیں۔ واپڈا نے دیامر بھاشا ڈیم پراجیکٹ کے ڈائی ورشن سسٹم، مین ڈیم، رسائی کے لئے پل اور 21 میگاواٹ صلاحیت کے تاکیر ہائیڈرو پاور پراجیکٹ کی تعمیر کے لئے پاور چینل اور

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی کورونا وائرس کے بارے میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

حالیہ لاک ڈاؤن کی وجہ سے ملک بھر کا کاروباری طبقہ شدید مالی مشکلات کا سامنا کر رہا ہے' سراج الحق

تاجروں کے لیے دکانوں، گھروں کا کرایہ اور ملازمین کی تنخواہیں اور یوٹیلیٹی بلز ادا کرنا بھی مشکل ہو چکا ہے

ملکی معیشت کو بچانے کیلئے فوری طور پر معیشت بچاؤ پیکیج کا اعلان کیا جائے، امیر جماعت اسلامی

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی سینیٹر سراج الحق نے کہا ہے کہ ملک میں کرونا وائرس اور اس کے نتیجے میں ہونے والے لاک ڈاؤن میں سب سے زیادہ قربانیاں پاکستان کے تاجر برادری نے دی ہے، حالیہ لاک ڈاؤن کی وجہ سے ملک بھر کا کاروباری طبقہ شدید مالی مشکلات کا سامنا کر رہا ہے تاجروں کے لیے دکانوں، گھروں کا کرایہ اور ملازمین کی تنخواہیں اور یوٹیلیٹی بلز ادا کرنا بھی مشکل ہو چکا ہے، حکومت نے تاجر برادری کے لیے اب تک جتنے بھی ریلیف پیکیج کا اعلان کیا وہ محض

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

تربت میں لاک ڈاؤن کی وجہ سے غریب و ضرورت مند افراد کے لیے 450 پیکٹ راشن تقسیم کیا گیا' ڈپٹی کمشنر تربت

تربت (غ ن) ڈپٹی کمشنر تربت میجر (ر) محمد الیاس کبزئی کی جانب سے تربت کے علاقے ڈھنک اور خدا کی بستی میں حالیہ کرونا وائرس سے بچاؤ کے لیے کیچ میں لاک ڈاؤن کی وجہ سے غریب و ضرورت مند افراد کے لیے 450 پیکٹ راشن تقسیم کیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر تربت نے کہا کہ ان حالات میں ہم سے جتنا بھی ہوگا

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

بلوچستان کے عوام اپنی افواج کیساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں' ضیاء لانگو

بلوچستان کی حکومت اور عوام بھارتی دہشت گردی کے تمام ثبوت عالمی دنیا کے سامنے متعدد بار لا چکی ہے

بھارت بلوچستان میں دہشتگردی میں ملوث ہے اور بلوچستان میں دہشت گردی کروا رہا ہے' صوبائی وزیر داخلہ

کوئٹہ (غ ن) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ بھارت کے سابق میجر گورو کے بیان نے پاکستان کے اس موقف کی تائید کی کہ بھارت بلوچستان میں دہشت گردی میں ملوث ہے اس بات کا ثبوت سابق میجر نے ایک پرائیویٹ چینل کو انٹرویو دیتے ہوئے اپنے مذموم عزائم کا کھل کر اعتراف کیا ہے جو کہ بھارت کے لیے انتہائی شرمناک کا مقام ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ بھارت بلوچستان میں دہشتگردی میں ملوث ہے اور بلوچستان میں دہشت گردی کروا رہا ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے بلوچستان کی حکومت اور عوام بھارتی دہشت گردی کے تمام ثبوت عالمی دنیا کے سامنے متعدد بار لا چکی ہے اور جب بھارت عالمی دنیا کے سامنے پاکستان

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

ٹڈی دل نے واشک میں زمینداروں کے باغات و پیاز کو تباہ کر دیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) ٹڈی دل نے واشک میں زمینداروں کے باغات و پیاز کو تباہ کر دیا ہے ٹڈی دل واشک کے گرد نواح میں زمینداروں کے لیئے وبال جان بن گئی واشک کے دیہی علاقوں سیت گرد نواح اور اب واشک شہر تک آ گئی ہے جبکہ واشک ایک ضلع ہونے کے

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

جاوید جبار قابل ہیں لیکن انہیں بلوچستان کے زمینی حقائق معلوم نہیں، سابق اسپیکر

بلوچستان کی ایک کروڑ بیس لاکھ زائد آبادی میں حکومت کو کوئی ایسا قابل شخص نہیں ملا جو این ایف سی ایوارڈ میں صوبے کا موقف رکھ سکے، سابق اسپیکر

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صوبائی جنرل سیکرٹری و سابق اسپیکر بال شاہ کاکڑ نے کہا ہے بلوچستان کی ایک کروڑ بیس لاکھ کے زائد آبادی میں حکومت کو کوئی ایسا قابل شخص نہیں ملا جو این ایف سی ایوارڈ میں صوبے کا موقف رکھ سکے، جاوید جبار قابل ہیں لیکن انہیں بلوچستان کے زمینی حقائق معلوم نہیں، انہیں چاہیے کہ وہ رضا کارانہ طور پر این ایف سی کا ممبر بننے سے معذرت کریں، یہ بات انہوں نے بلوچستان سے این ایف سی ایوارڈ کے غیر سرکاری رکن

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

اسلام آباد: وفاقی وزیر منصوبہ بندی اسد عمر این سی او سی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

مشکل وقت میں پوری قوم پارلیمنٹ کی طرف دیکھ رہی ہے' سوری قائم

پارلیمنٹ قوم کا نمائندہ ادارہ ہے' کورونا وائرس عالمی وبا، اس کے خاتمے کے لیے سب کو مل کر کوششیں کرنا ہونگی

پارلیمنٹ ہی وہ واحد ادارہ ہے جو قومی یکجہتی اور اتفاق رائے پیدا کرنے میں کردار ادا کر سکتا ہے، ڈپٹی سپیکر قومی اسمبلی کی گفتگو

کوئٹہ/اسلام آباد (آن لائن) ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی قاسم خان سوری نے کہا کہ کورونا وائرس ایک عالمی وباء ہے اس کے خاتمے کے لیے سب کو مل کر کوشش کرنا ہوگی انہوں نے کہا کہ پارلیمنٹ قوم کا نمائندہ ادارہ ہے اور اس مشکل وقت میں پوری قوم پارلیمنٹ کی طرف دیکھ رہی ہے انہوں نے کہا کہ پارلیمنٹ ہی وہ واحد ادارہ ہے جو قومی یکجہتی اور اتفاق رائے پیدا کرنے میں کردار ادا کر سکتا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے مشیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر ظہیر الدین بابر اعوان کے ساتھ بدھ کے روز پارلیمنٹ ہاؤس میں ہونے والی ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا ملاقات میں قومی اسمبلی کے رواں اجلاس کے علاوہ بجٹ اجلاس کے انعقاد سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات میں دونوں رہنماؤں نے قومی اسمبلی کے موجودہ اجلاس میں ہونے والی بحث اور بحرین انکلاسات پر السیسیتان کا اظہار ڈپٹی اسپیکر کا کہنا تھا کہ پارلیمنٹ کورونا وائرس پر قابو پانے کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کر رہی

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

حکومت وفاقی بجٹ کو کورونا بجٹ میں تبدیل کرے، بلاول بھٹو زرداری کی تجویز

حکومت کی جانب سے کورونا وائرس کے حوالے سے معاشی پیکیج ڈراما بازی ہے

اگر حکومت توجہ دے تو ہم کورونا کیخلاف بہتر لڑ سکتے ہیں، چیئرمین پیپلز پارٹی کا انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے تجویز پیش کی ہے کہ حکومت وفاقی بجٹ کو کورونا بجٹ میں تبدیل کرے ریاست کا فوکس صرف عوام کو تحفظ فراہم کرنے پر ہونا چاہیے، حکومت کی جانب سے کورونا وائرس کے حوالے سے معاشی پیکیج ڈراما بازی ہے، اگر حکومت توجہ دے تو ہم کورونا کیخلاف بہتر لڑ سکتے ہیں، ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ ہم نے دو محاذوں پر لڑنا ہے، ایک کورونا وائرس سے لڑنا ہے دوسرا ملکی معیشت کو بہتر کرنے کے محاذ

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

اوستہ محمد میں نامعلوم دو موٹر سائیکل سواروں نے ایک شخص کو قتل کر دیا

اوستہ محمد (آن لائن) سٹی تھانہ اوستہ محمد میں نامعلوم دو موٹر سائیکل سواروں نے ایک شخص کو قتل کر دیا اور قاتل فرار ہو گئے تفصیلات کے مطابق واقعہ حدود پر ایک شخص موٹر سائیکل پر آ رہا تھا کہ ان کے پیچھے دو موٹر سائیکل سوار نامعلوم حملہ آوروں نے ان پر فائر کر کے اسے موقع پر قتل کر دیا اور حملہ آور فرار ہو گئے، اطلاع ملنے

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

کرونا وائرس کی ہمت اور حوصلے سے مقابلہ کرنا ہے' نور محمد دمڑ

لاک ڈاؤن میں نرمی کا ہرگز یہ مقصد نہیں ہے کہ تاجر مارکیٹوں، دکانوں میں بے پناہ رش بنائے

تاجر حکومتی اور ماہرین کی ہدایت پر عمل درآمد اور ایس او پیز پر سختی سے عمل درآمد کو یقینی بنائے، صوبائی وزیر پی ایچ ای

کوئٹہ (آن لائن) بی اے پی کے مرکزی رہنماء صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ تاجر حکومتی اور ماہرین کی ہدایت پر عمل درآمد اور ایس او پیز پر سختی سے عمل درآمد کو یقینی بنائے خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی ہوگی کورونا وائرس کو مل کر شکست دیں گے، پاکستانی ایک بہادر قوم ہیں، ہر مشکل گھڑی کا استقامت سے مقابلہ کیا ہے، کورونا وائرس کی عالمی وبا کا بھی ہمت اور حوصلہ سے مقابلہ کرنا ہے ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا انہوں نے کہا ہے کہ قوم پر آزمائش کا وقت ہے اور ہمیں آزمائش کی اس گھڑی میں سرخرو ہونا ہے عوام خوف میں مبتلا ہونے کی بجائے احتیاطی تدابیر اختیار کریں انہوں نے کہا کہ عوام حکومت کی جاری کردہ ہدایات پر پوری طرح

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

عمران خان کا کوئی الزام آج تک ثابت نہیں ہوا، شہباز شریف

میڈیا پروپیگنڈے کے پرانے گھسے پٹے ہتھکنڈے آپ کی نااہلی اور خراب حکمرانی چھپا نہیں سکتے، اپوزیشن لیڈر

اسلام آباد (این این آئی) اپوزیشن کی سب سے بڑی جماعت پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر اور قائد حزب اختلاف شہباز شریف نے کہا ہے کہ عمران خان کے الزامات آج تک ثابت نہیں ہوئے۔ سوشل میڈیا پر جاری اپنے ایک بیان میں شہباز شریف نے کہا کہ عمران خان نے الزام لگایا کہ پاناما کیس میں خاموشی اختیار کرنے پر میں نے اپنے فرنٹ مین جاوید صادق کے ذریعے انہیں 10 ارب روپے دینے کی پیشکش کی۔ اپوزیشن لیڈر نے کہا کہ عمران خان نے پھر پنجاب

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

ایکسائز انٹیلی جنس فورس کی لسبیلہ میں کارروائی ایک کلو سے زائد ہیروئن برآمد ایک اسمگلر گرفتار

لسبیلہ (این این آئی) ایکسائز انٹیلی جنس فورس کی لسبیلہ میں کارروائی ایک کلو سے زائد ہیروئن برآمد ایک اسمگلر گرفتار۔ ایکسائز پولیس ذرائع کے مطابق محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے انٹیلی جنس فورس نے انچارج فیصل اقبال کھوسہ کی سربراہی میں لسبیلہ میں قومی شاہراہ وندر

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

سول اسپتال کوئٹہ کا ماحول خراب کرنے والے کچھ مافیا کے خلاف کارروائی کی جارہی ہے' فضل الرحمن بلیدی

غیر تربیت یافتہ اہلکاروں کی تعیناتی کے سبب ڈیوٹی ڈاکٹرز اور عوام کے ساتھ آئے روز اس طرح کے واقعات رونما ہو رہے ہیں' بیان

کوئٹہ (آن لائن) سول اسپتال کوئٹہ میں غیر تربیت یافتہ اہلکاروں کی تعیناتی کے سبب ڈیوٹی ڈاکٹرز اور عوام کے ساتھ آئے روز اس طرح کے واقعات رونما ہو رہے ہیں جس کا سول اسپتال کوئٹہ کی انتظامیہ نے سختی سے نوٹس لیا ہے ایم ایس سول اسپتال کوئٹہ ڈاکٹر فضل الرحمن بلیدی نے بتایا کہ سول اسپتال کوئٹہ کا ماحول خراب کرنے والے کچھ مافیا کے خلاف کارروائی کی جارہی ہے اور اس مافیا کی اسپتال کے انتظامی امور میں بے جا مداخلت اور بلیک میلنگ کا سختی سے نوٹس لیا ہے اسپتال انتظامیہ ان مافیا کی

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

اہل بلوچستان صوبائی حکومت پر بھرپور اعتماد رکھتے ہیں' سلیم کھوسہ

کابینہ کی جانب سے نائب تحصیلدار کی آسامیوں کو پبلک سروس کمیشن کے حوالے کرنا میرٹ کی بحالی کے اس وعدے کی تکمیل ہے

نائب تحصیلداروں کی 58 آسامیوں پر پبلک سروس کمیشن کے ذریعے بھرتیوں کا فیصلہ کیا گیا ہے جو انتہائی خوش آئند امر ہے، صوبائی وزیر ریونیو

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر ریونیو سلیم احمد کھوسہ نے کہا ہے کہ کابینہ کی جانب سے نائب تحصیلدار کی آسامیوں کو پبلک سروس کم

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز، مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

14 مئی 2020ء

کورونا وبا ایک اور غیر معمولی چیلنج

وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی نے کہا ہے کہ کورونا وبا نے ایک غیر معمولی چیلنج سے دنیا کو دوچار کر دیا ہے جس کے اثرات مشترکہ کوششوں سے کم کئے جاسکتے ہیں، یہ بحران کثیر القومیتی کے امتحان کا وقت ہے اور ایس سی او میں اس سے نمٹنے کی صلاحیت ہے، غریب ممالک کے لیے کثیر الفریقی جامع حکمت عملی کی ضرورت ہے تاکہ وبا کے نتیجے میں معاشی بحران اور پائیدار ترقی کے مسائل سے نمٹا جاسکے، ایس سی او کورونا وبا کو کسی بھی طبقے کے خلاف نسل، مذہب یا زبان کی بنیاد پر امتیازی سلوک یا اسے بدنام کرنے کے رویوں کو مسترد کرے، دہشتگردی اور انتہا پسندی کو اولین ترجیح رہنا چاہیے لیکن دہشتگردی سے متعلقہ الزامات کو کسی ملک یا مذہب کو بدنام کرنے یا اس کے خلاف سیاسی ہتھیار کے طور پر استعمال نہیں ہونا چاہیے، ایس سی او اور ابطہ گروپ برائے افغانستان کے ذریعے سہولت کاری کا کردار ادا کرسکتی ہے، عالمی برادری مقبوضہ کشمیر کے عوام پر قابض افواج کی جانب سے ریاستی دہشت گردی کی مذمت کرے۔ اگرچہ پاکستان میں کورونا وبا پھیل رہی ہے لیکن اس کے باوجود نسبتاً اموات کی شرح کم ہے۔ لیکن ہم احتیاطی تدابیر اور اپنی ذمہ داریوں کے حوالے سے خبردار اور ہوشیار ہیں۔ غریب ممالک کے لیے کثیر الفریقی جامع حکمت عملی کی ضرورت ہے تاکہ وبا کے نتیجے میں معاشی بحران اور پائیدار ترقی کے مسائل سے نمٹا جاسکے۔ اس ضمن میں ایس سی او کی اشتراکی کوششوں کا انتہائی اہم کردار ہے۔ دہشتگردی اور انتہا پسندی کو اولین ترجیح رہنا چاہیے لیکن دہشتگردی سے متعلقہ الزامات کو کسی ملک یا مذہب کو بدنام کرنے یا اس کے خلاف سیاسی ہتھیار کے طور پر استعمال نہیں ہونا چاہیے۔ بین الاقوامی برادری مقبوضہ علاقوں کے عوام پر قابض افواج کی جانب سے ریاستی دہشت گردی کی مذمت کریں اور ایسی ریاستوں کو کٹہرے میں کھڑا کریں۔ پاکستان ایس سی او کو امن وسلامتی، رابطے استوار کرنے کے لئے علاقائی تعاون، سماجی ومعاشی ترقی کے کا ایک اہم پلیٹ فارم سمجھتا ہے۔ پاکستان 2017 سے ایس سی او کے قیام سے اب تک اس کے متحرک رکن کے طور پر اہم کاوشیں کرتا آیا ہے۔

پاکستانی بچے بڑے کب ہوں گے؟

مختار چودھری

پرویز مشرف کے اس فوجی دور میں تمام سیاستدان انتہائی کرپٹ ٹھہرے اور ٹھہرے بھی جا بیرون ملک جس میاں نواز شریف پر غداری اور جہاز اغوا کا مقدمہ ثابت بھی ہوا اور عدلیہ سے سزا بھی سنائی گئی ان کو ایک عجیب وغریب معاہدے کے تحت خاندان سمیت باعزت پاک کر کے ایک پاک ملک میں بھیج دیا گیا۔ جبکہ ان کے حریف پیپلز پارٹی کے راہنماؤں کو بھی خود ساختہ جلاوطنی پر مجبور کر دیا گیا اور عوام کو باور کروایا گیا کہ یہ سب ملک لوٹ رہے تھے اب ان کو دوبارہ یہ موقع ہرگز نہیں دیا جائے گا اور ہم ملک کو ان کی پہنچ سے دور رکھ کر ترقی دیں گے۔ لیکن کچھ ہی عرصے میں پیپلز پارٹی کے ان لوگوں کو جن پر میگا کرپشن کے مقدمات عدالتوں میں چل رہے تھے کو راؤ سکندر کی قیادت میں حکومت میں شامل کر لیا گیا اور نواز شریف کے سابق ساتھی چوہدری شجاعت کی قیادت میں ایک نئی مسلم لیگ بنائی گئی یعنی ق لیگ جس کے سہارے فوجی حکومت کو دوام بخشا گیا اور پاکستانی بچے پھر بھول گئے کہ پرویز مشرف صاحب تو کرپشن ختم کرنے لگے تھے۔ 2002ء کے قومی انتخابات میں ق لیگ کامیاب ہوئی اور مذہبی جماعتوں پر مشتمل اتحاد ایم ایم اے بھی ایک قوت کے طور پر ابھرا اور خیبر پختون خواہ میں حکومت قائم کرنے میں کامیاب رہا پھر سب نے مل کر ایک بار پھر آئین کے ساتھ کھلواڑ کیا۔ اس طرح پرویز مشرف صاحب کو مزید وقت مل گیا لیکن اگلے انتخابات سے پہلے تین الاقوامی دباؤ بڑھا کہ حقیقی جمہوریت بحال کی جائے اور حکومت میں پیپلز پارٹی کو بھی حصہ دیا جائے پھر این آر او ہوا جس کا ترجمہ اور تشریح یوں کی جاسکتی ہے کہ پچھلے گناہ معاف اور نئے سرے سے سب مل جل کر لوٹ مار کریں گے۔ بینظیر بھٹو صاحبہ خوفی خوفی واپس وطن آئیں اور انقلابی مہم پر نکل پڑیں جو کہ این آر او معاہدے میں شامل نہ تھا پھر اس کا نتیجہ وہی ہونا تھا جو لیاقت باغ میں ہوا کرتا ہے۔ باقی تاریخ ہے۔

پھر 2008ء کے انتخابات میں بینظیر صاحبہ کی قربانی کے سبب پیپلز پارٹی کی حکومت قائم ہوئی جس کے وعدوں میں ایک بڑا وعدہ بینظیر صاحبہ کے قاتلوں کو کیفر کردار تک پہنچانا تھا۔ پیپلز پارٹی نے زرداری صاحب کی قیادت اور ان کی نئی پالیسی افہام وتفہیم میں جیسے تیسے اپنے پانچ سال پورے کیے لیکن بینظیر کے قاتلوں کو سامنے لایا گیا نہ اس مقدمے کا اوٹ کسی کروٹ بیٹھا، اسی دور کے دوران اعلیٰ عدالتوں کے جج صاحبان جنہیں پرویز مشرف نے معطل کیا ہوا تھا بحال ہوئے اور سپریم کورٹ کے اس وقت کے چیف جسٹس افتخار چوہدری کا طوطی سر چڑھ کر بولنے لگا۔ انہوں نے این آر او کے مقدمہ میں ایک وزیر اعظم کو بھی کھڑے کھڑے سزا سنا کر نااہل کر کے وزارت عظمیٰ سے فارغ کیا، اس کے ساتھ اور از خود نوٹس کے ذریعے میموگیٹ کا مقدمہ سماعت کیا۔ لیکن عدالتی نظام کو درست کرنے کی طرف کچھ بھی نہ کیا۔ اور جن مقدمات میں شہرت حاصل کی ان کا نتیجہ بھی صفر رہا۔ 2011ء میں تحریک انصاف نے لاہور کے ایک جلسے سے اپنی پرواز بلند کی اور 2013ء کے انتخابات میں ن لیگ کا بھرپور مقابلہ کیا لیکن حکومت ایک بار پھر ن لیگ کی جھولی میں آگئی۔ لیکن عمران خان صاحب کی قیادت میں حکومت مخالف تحریک کا آغاز کر دیا گیا اور بتایا گیا کہ انتخابات میں بڑے پیمانے پر دھاندلی ہوئی ہے۔ بات پہلے دھرنے، دوسرے دھرنے اور پھر عدالتی کمیشن سے ہوتی ہوئی پاناما کیس تک جا پہنچی اور میاں نواز شریف کی وزارت عظمیٰ کے خاتمے پر منتج ہوئی۔

پھر مئی 2018ء میں انتخابات ہوئے جس میں نئے پاکستان اور احتساب کا نعرہ لیے تحریک انصاف کامیاب ہوئی، لیکن اس کامیابی کے دو برس مکمل ہونے میں کچھ دن باقی لیکن 2013 کی دھاندلی کا کچھ پتا چلا نہ پاناما کی کوئی خبر اب تو کورونا بھی آگیا لیکن پاناما کا کیا بنا کوئی بتا سکتا ہے؟ میاں نواز شریف صاحب نے بھی ایک تحریک شروع کی تھی۔ "ووٹ کو عزت دو" اس کا کیا ہوا؟ کیا ووٹ کو عزت مل گئی ہے؟ ہم تو بچے ہیں بھول جاتے ہیں۔ میاں نواز شریف اور ان کی صاحبزادی کو جیل کی سزا ہوئی تھی۔ پھر میاں صاحب کی پلیٹ لیس والی بیماری جس کا نام ہم بچوں نے پکی بار سنا تھا اس کا کیا ہوا، مریم بی بی تو صحت مند ہیں وہ اپنے والد محترم کی عیادت کی خاطر چند دن کے لیے جیل سے نکلیں پھر واپس نہیں پہنچیں آبکل کدھر ہیں؟ ہمیں کیا معلوم ہم تو بچے ہیں۔ میاں شہباز شریف اور ان کے خاندان پر بھی بھاری بدعنوانی کے کیس ہیں۔ وہ بھی اپنے بھائی کے ساتھ لندن گئے اور ادھر ہی بیٹھ گئے پھر ان کو پیغام ملا جلدی سے آؤ وزیر اعظم کی دیکھنی خالی ہے۔ وہ لمحہ ضائع کیے بغیر پہنچے لیکن آگے پروگرام بدل گیا، یہ فیصلے کون کرتا ہے؟ ہمیں تو خبر ہی نہیں کیونکہ ہم تو بچے ہیں۔ اور آبکل کورونا کورونا کھیل رہے ہیں۔

اب جائزہ لیں کہ لیاقت علی خان صاحب کے قتل پر بننے والے جسٹس منیر حسین کی سربراہی میں عدالتی کمیشن سے اسامہ بن لادن کے کمیشن (جو موجودہ چیئرمین نیب جسٹس جاوید اقبال کی سربراہی میں بنا تھا) کی رپورٹس کا کیا ہوا؟ ضیاء الحق کا جانشین نواز شریف اور ضیاء کا پیٹا برسر اقتدار رہے لیکن ضیاء قتل اور کمیشن کا کوئی نتیجہ نہیں، بینظیر بھٹو صاحبہ کے خاوند کی سربراہی میں 5 سال حکومت پیپلز پارٹی نے کی لیکن محترمہ کے قتل کا کوئی سراغ نہیں ملا، چوہدری افتخار صاحب نے وزیر اعظم کی چھٹی تو کروادی، حقانی صاحب کو بھی امریکہ بھیج دیا لیکن دونوں مقدمات کے نتائج کیا نکلے؟ بابا رحمتا کے چھاپے اور ریمارکس کے بعد ڈیم کا اعلان اور فنڈ کدھر گئے؟ پاناما کی دولت بھی پاکستان نہ پہنچی البتہ اس دولت کو لوٹنے والے اپنے اثاثوں سے محظوظ ہونے وہاں پہنچ گئے۔ یہ تماشہ کیا ہے۔ ہمیں کیا؟ ہم تو بچے ہیں۔ 5 اگست سے آج تک ہماری ہمسائیگی رنگ کو بھارت نے دو ترامیم کے بعد اپنے دونوں ہاتھوں میں پکڑ رکھا ہے۔ اور اب مظفر آباد اور گلگت کا موسم بھارتی موسم کے ساتھ دکھایا جا رہا ہے۔ مگر ہمیں کیا ہم تو بچے ہیں بھول بھی چکے مودی جانے کشمیر جانے۔ ہم تو بچے ہیں کل کوئی نیا کھلونا مل جائے گا۔

ذرا جرأت کے ساتھ

میر اسلم رند

کل بہ روز بدھ 13 مئی 2020 کو پورے پاکستان میں ایک آن لائن سمینار یا میٹنگ یورپی یونین اور ایشیاء وسیفک کے تعاون سے منعقد ہو رہا ہیں جس میں تمام پاکستان سے لوکل گورنمنٹ کے سابقہ نمائندگان یا موجود ایڈمنسٹریٹر صاحبان لائیو کورونا 19 کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کریں گے اس لائیو آن لائن پروگرام میں یہ بحث ہوگا کہ موجود حکومت کے ساتھ اس کورونا جیسے وباء کے دوران لوکل گورنمنٹ کے نمائندوں نے کیا تجربہ حاصل کیا چونکہ اس بحث لاحاصل میں میرا نام نہیں ہے لہزا میں نے سوچا اپنے قلم سے ہی اس سمینار میں حصہ لیا جائے محترم جناب کوآرڈینیٹر UCLG ASPAC یورپی یونین وایشیاء وسیفک کے نمائندوں پاکستان میں لوکل گورنمنٹ سسٹم کو حقارت کی نظر سے دیکھا جاتا ہے 2009 میں اٹھارویں ترمیم کے بعد جب سے لوکل گورنمنٹ کے قانون کا نظام صوبوں کے پاس آیا ہے اسی سال 2010 میں صوبوں نے اس نظام کے ہاتھ پاؤں موٹی موٹی رسیوں کے ساتھ باندھ دیئے، صوبہ بلوچستان میں 2010 کے صوبائی اسمبلی نے آدھے گھنٹے میں لوکل گورنمنٹ کے لئے ایسے نظام کی قانون سازی کی جیسے کسی انسان کے ہاتھ پیر باندھ کر شیر کے سامنے پھینکنے دیا جائیں تمام اختیار ختم کئے گئے تمام صوبے کے لوکل گورنمنٹ نظام کو ایک وزیر اور سیکرٹری کے زیر تسلط رکھا گیا جو ہر ہفتے کسی نہ کسی آفیسرز کو اپنے مفادات کے لئے ایک ضلع سے دوسرے ضلع میں ٹرانسفر کرتے رہتے ہیں اس کے بعد صوبے کے نمائندوں اور اعلیٰ بیوروکریسی نے ان لوکل گورنمنٹ کے نمائندوں کے ساتھ ایسا سلوک جاری رکھا ہے کہ کوئی سوتیلی ماں اپنے بچوں کے ساتھ ایسا سلوک نہ کرے؟؟ یا ان کے ساتھ ایسا سلوک کیا جاتا ہے جیسے پرانے زمانے میں برامن ہندو غریب اور کمزور لوگوں کو حقارت کی نظر سے دیکھا کرتے تھے، بلوچستان میں گزشتہ ڈیڑھ سال پہلے لوکل گورنمنٹ کا سسٹم ختم کر دیا گیا صوبائی حکومت نئے الیکشن سے راہ فرار اختیار کرتی جا رہی ہیں عدالت عالیہ سے بھی انہیں پے انہیں لیا جا رہا ہے 2019 / 2020 میں صوبائی بجٹ کے 382 ارب روپے میں سے لوکل گورنمنٹ کے ترقیاتی کاموں کے لئے ایک روپے نہیں رکھا گیا ہے حالانکہ آئین کے آرٹیکل (A 140) کے تحت صوبائی گورنمنٹ اس بات کی پابند ہے کہ صوبے کے ترقیاتی بجٹ کا 33 فیصد مخصوص کریں لیکن یہاں فل بدامنی کا ماحول ہے صوبہ میں نہ مانو کے رٹ پر قائم ہیں صوبے وفاق سے این ایف سی ایوارڈ کے تحت اپنا 46 فیصد حصہ وصول کرتے ہیں لیکن اس فنڈ کو گراس روٹ تک ٹرانسفر نہیں کیا جاتا، اب آتے ہیں کورونا 19 کی طرف فروری اور مارچ میں جب کورونا جیسے وباء کے اثرات نمودار ہونے شروع ہوئے تو بلوچستان کے نامور صحافی حضرات نے وزیر اعلیٰ جناب جام کمال صاحب سے ملاقات کی بات چیت کے دوران صحافی حضرات نے وزیر اعلیٰ صاحب کو یہ مشورہ دیا کہ آپ سابقہ لوکل گورنمنٹ کے نمائندوں سے رابطہ کریں وہ اپنے علاقوں کے ہر گلی محلوں کے بارے میں معلومات رکھتے ہیں آپ نے جو عوام کو ریلیف کا پروگرام بنایا ہے اس میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں؟؟ سننے میں آیا ہے اس وقت وزیر اعلیٰ صاحب نے صحافی حضرات کے اس مشورے کو سراہا لیکن بعد میں انتظامی ٹیم کے مشوروں میں آگئے جو ہمیشہ ڈرائنگ روم میں بیٹھ کر ملک کی قسمت بدلنے کی پالیسیاں بناتے ہیں، اخباری بیانات وسوشل میڈیا کے مطابق پونے دو ارب روپے پی ڈی ایم اے کو ریلیز کئے گئے اور 86 کروڑ روپے بے روزگار عوام کو روشن کے تقسیم کے لئے ریلیز کئے گئے لیکن عوام کو صرف جھوٹی تسلیوں اور فوٹوں سیشن کے علاوہ کچھ نہیں دیا گیا، حالانکہ پورے بلوچستان کے سابقہ بلدیاتی نمائندوں نے سول ڈیفنس کو والینٹری طور پر اپنے اپنے علاقوں کے محرومین کے نام دے سکتے ہیں شاہدان کے نام وزیر اعلیٰ صاحب کے سیکرٹریٹ تک بھی پہنچ گئے ہو لیکن یہاں وزیر اعلیٰ صاحب نے پرچیوں کے ذریعے صرف اپنے ایم پی ایز اور پارٹی کے منظور نظر افراد جو سابقہ الیکشن میں ہارے ہوئے تھے ان کو 1000 سے 2000 ہزار تک راشن کے تھیلے دیئے گئے سفید پوش عوام آج بھی نان شبینہ کے محتاج ہیں ان گلیوں میں رہنے والوں کو کیا معلوم غریبی کیا ہوتی ہے یا ان پر کیا گزرتی ہے؟ ان بند پائپ والوں کو یہ ڈر تھا کہ اگر بلدیاتی نمائندوں کو ساتھ ملایا گیا تو کرپشن کے راستے بند ہو جائیں گے ہمارا کیا بنے گا؟ ستم ظریفی کی بات یہ ہے یونین کونسلرز تو کجا سابقہ ڈسٹرک چیئرمینوں اور میئرز کو بھی خاطر میں نہیں لایا گیا انہیں بھی صرف جھوٹی تسلیاں یا ان سے جھوٹے وعدے کئے گئے جناب محترمہ رشانہ گل صاحب کوآرڈینیٹر UCLG ASPAC آپ یورپی یونین اور ایشیاء وسیفک لوکل گورنمنٹ کے لئے صوبے کوآرڈینیٹ کرتے ہیں اس سے ندی عوام کا فائدہ ہوا ہے اور نہ ہی اس کے ثمرات ان علاقوں تک پہنچے ہیں جو اقوام متحدہ نے عوام کے بنیادی گولز متعین کئے ہیں

میر اسلم رند سیکرٹری اطلاعات لوکل کونسل ایسوسی ایشن بلوچستان

☆☆☆☆☆

قومی ہم آہنگی: اب نہیں تو کب؟

جبار مفتی

فروری میں جب چین سے کورونا وائرس کی نئی قسم کی خوفناکی کا شور مچا تو وطن عزیز میں تشویش صرف اتنی تھی کہ متاثرہ چینی علاقوں میں پھنس جانے والے پاکستانی طلبہ وطالبات کو کس طرح ان کے گھروں تک واپس لایا جائے۔ ان بچوں کی وڈیو آنا شروع ہوئیں تو یہاں بھی بیان بازی شروع ہوئی۔ چھوٹے موٹے مظاہرے ہوئے مگر چینی حکومت نے اپنی لاک ڈاؤن پالیسی پر اپنی روایتی سخت گیری کے عین مطابق انکار کر دیا۔ اور واضح کر دیا کہ متاثرہ علاقے سے کسی کو باہر جانے دیا جائے گا نہ اندر آنے دیا جائے گا۔ چنانچہ ان بچوں، ان کے لواحقین اور حکومت پاکستان کو بھی سمجھ آگئی کہ بہتری اسی میں ہے۔ پھر دنیا بھر میں پھیلنے والی تباہی کے تناظر میں ثابت ہو گیا کہ واقعی بہتری اسی میں تھی۔ پھر پاکستان میں بھی وائرس نے قدم پھیلانے شروع کئے تو ابتداء میں قوم اور حکومت دونوں مطمئن تھے کہ ہمارے ہاں وائرس نے ہتھ ہولا رکھا ہوا ہے۔ جانی نقصان مختصر اور رفتار سست تھی۔ وزیر اعظم سمیت ارباب اختیار اس پر شکر ادا کرتے رہے، تاہم چینی ماڈل کو سامنے رکھتے ہوئے لاک ڈاؤن شروع کر دیا گیا۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ہمارے معاشرتی معروضی حالات کے پیش نظر چین جیسے لاک ڈاؤن کو ممکن بنانا ازبس مشکل، بلکہ ناممکنات میں سے ہے۔ اس کے باوجود یہ پہلا موقع تھا کہ تاجروں نے احتجاج نہ کیا اور کاروباری ادارے بھی بند ہو گئے۔

ابتداء میں نصف سے زیادہ آبادی نے گھروں سے نکلنے میں خاصی احتیاط کی تشویش بلکہ خوف کی لہر پورے معاشرے میں تھی۔ جوں جوں ٹیسٹ کرنے کی صلاحیت بڑھتی گئی۔ متاثرین کی تعداد میں بھی اضافہ ہونے لگا اور اموات بھی بڑھنے لگیں، تاہم ان کی تعداد یورپ، امریکہ، ایران اور دنیا کے بیشتر ممالک کے مقابلے میں خاصی کم تھی۔ متاثرین تیزی سے روبصحت ہو رہے تھے اور ہم سب اطمینان کا جھولا جھول رہے تھے۔ ماہرین کہہ رہے تھے کہ وائرس کی تباہ کاریوں میں عروج بھی آتا ہوتا ہے، اس کو پیش نظر رکھنا ضروری ہے۔ خطرہ کم ہے مگر ٹلا نہیں۔ وزیر اعظم کو (بجا طور پر) غریب محنت کشوں کی مشکلات کا احساس ہونے لگا۔ جو روزگار چھن جانے کی وجہ سے مفلوک الحالی کے درجے میں پہنچ گئے تھے اور روزی کے بعد روٹی کے لالے پڑ گئے تھے۔ انہوں نے لاک ڈاؤن کو سمارٹ لاک ڈاؤن میں تبدیل کرنے کا فیصلہ کر لیا، مگر یہ نام دینے سے پہلے ہی 14 اپریل سے تعمیرات (ہاؤس بلڈنگ) کو صنعت قرار دے کر کھولنے کا اعلان کر دیا۔ اس پر انہی صفحات پر راقم کا کالم شائع ہوا، جس کا عنوان تھا "الوداع لاک ڈاؤن"، اس میں یہی خدشہ ظاہر کیا گیا تھا کہ تعمیرات سے 40 صنعتیں وابستہ ہیں۔ انہیں بھی کھولنا ہوگا، یوں لاک ڈاؤن نہیں رہے گا۔ دنیا کہہ رہی ہے کہ لاک ڈاؤن نہ ہو تو وائرس بے قابو ہو جائے گا، لیکن ہماری قومی اور انفرادی معاشیات کا تانا بانا ترقی یافتہ دنیا سے مختلف ہے۔ حکومت، مخیر حضرات اور سماجی تنظیموں نے کوشش کی کہ غریب شہریوں کی مالی مشکلات کم کی جائیں۔

احساس پروگرام کے تحت بارہ ہزار روپے فی کس تقسیم کئے گئے۔ الخدمت اخوت ادارہ انسانیت جیسی تنظیموں نے راشن پہنچانے اور تقسیم کرنے کا بیڑا اٹھایا، یہاں پھر سماجی رویے آڑے آئے۔ مقدار اور عادی بھکاریوں میں تمیز مشکل ہو گئی۔ سماجی فاصلے کی نظریے کے بخیے ادھڑ گئے۔ ابتداء میں احتیاط کرنے والوں کی جھجک بھی جاتی رہی، سنسان سڑکوں پر ٹریفک اور خالی بازاروں میں رش نظر آنے لگا۔ سمارٹ لاک ڈاؤن میں باقی صرف تعلیمی ادارے، عبادت گاہیں اور بڑے شاپنگ مال ہی رہ گئے۔ البتہ اب بھی دکانوں کی بندش کے اوقات کی پابندی کرانے کی کافی حد تک کامیاب کوشش کی جا رہی ہے۔ نجی تعلیمی اداروں کی طرف سے احتجاجی آوازیں بلند ہونا شروع ہو گئیں۔ ان کی تنظیموں نے یکم جولائی تک سکولوں کی بندش قبول کرنے سے انکار کر دیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ اسی فیصد پرائیویٹ سکول کرائے کی عمارتوں میں چل رہے ہیں۔ اگر سکول نہ کھولے گئے تو نصف سکول بند ہو جائیں گے۔ دس لاکھ اساتذہ بے روزگار ہو جائیں گے۔ ان کی بات مانی جاتی ہے یا نہیں۔ یہ امر واقعہ ہے کہ کورونا تیزی سے پھیلنا شروع ہو گیا ہے۔ متاثرین اور ہلاک شدگان کی تعداد یک دم بڑھ گئی۔ محض دس روز میں اموات دوگنی ہو گئی ہیں۔ ڈاکٹر چیخ رہے ہیں کہ سرگرمیاں محدود تر اور لاک ڈاؤن سخت تر کیا جائے، ورنہ مریضوں کو سنبھالنا مشکل ہو جائے گا۔ مسیحا بھی بڑی تعداد میں کورونا کا شکار ہو رہے ہیں۔

سنے ڈاکٹروں کی سرکاری ہسپتالوں میں بھرتیاں ہو رہی ہیں، مگر ڈاکٹروں کی موجودہ تعداد اور ہسپتالوں میں موجود سہولتیں کورونا کے تیز رفتار پھیلاؤ کا مقابلہ نہیں کر سکیں گی۔ اس وقت صورت حال یہ ہے کہ کورونا کے پھیلاؤ اور لاک ڈاؤن کے "کھلاؤ" کی ٹائمنگ عجیب وغریب ہے۔ اس پر متضاد حکومتوں کی پالیسیوں میں ہم آہنگی کا فقدان ہے۔ سندھ کی حد تک تو سمجھ آتی ہے کہ وہاں صوبائی حکومت پیپلز پارٹی کی ہے جو وفاقی حکمران جماعت کی مخالف ہے، مگر پنجاب میں، وفاق میں اور کے پی کے میں تو ایک ہی پارٹی تحریک انصاف کی حکومتیں ہیں۔ بلوچستان میں مخلوط کی حکومت ہوتی ہے، وہ بھی تحریک انصاف کے ساتھ ہے، پھر ان سب کی پالیسیاں یکساں کیوں نہیں؟ جب وزیر اعظم لاک ڈاؤن کی مخالفت کر رہے تھے تو پنجاب حکومت نے لاک ڈاؤن کا اعلان کر دیا۔ اب وزیر اعظم نے باضابطہ اجلاس کے بعد اعلان کیا کہ پیر سے پانچ روز کے لئے دکانیں کھلا کریں گی، دو دن بند رہا کریں گی۔ صوبائی ماتحت حکومت نے ہفتہ وار تین دن کے ناغے کا اعلان کر دیا۔ وزیر اعظم عمران خان کے وسیم اکرم پلس سردار عثمان بزدار کی صدارت میں باقاعدہ کہا گیا کہ لاہور کے لئے الگ پالیسی بنائی جائے گی۔ اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ پیر سے لاک ڈاؤن میں نرمی کا جو فیصلہ کیا گیا ہے اس نرمی کا اطلاق پنجاب کے چھ بڑے شہروں پر نہیں ہوگا۔ ان میں لاہور، ملتان، راولپنڈی، فیصل آباد بھی شامل ہیں۔

سندھ نے اگرچہ تاجروں کے دباؤ پر چھوٹے بازاروں میں دکانیں کھولنے کی اجازت دی ہے، تاہم وزیر اعلیٰ سید مراد علی شاہ نے پریس کانفرنس میں وزیر اعظم کو یہ مشورہ دینا ضروری سمجھا کہ وہ جذبات سے کام نہ لیں، بلکہ حقیقت پسندی کا مظاہرہ کریں۔ ان کا کہنا تھا کہ لاک ڈاؤن نرم کرنے سے کورونا کی تباہ کاریوں میں اضافہ ہو جائے گا۔ انہوں نے یہ دعویٰ بھی کیا کہ وہ وفاق کی پالیسیوں پر 99 فیصد عملدرآمد کر رہے ہیں، جبکہ سرکاری زعماء جس طرح اپنی توپوں کا رخ وزیر اعلیٰ سندھ اور ان کی قیادت کی طرف رکھتے ہیں اس سے لگتا ہے کہ مرکز میں ہم آہنگی کی خواہش ہے بھی تو بہت کمزوری ہے۔ اگر کورونا کو عالمی وبا کے ساتھ ساتھ ایک قومی بحران بھی سمجھ لیا جائے (جو کہ ہے) تو اس کا تقاضا ہے کہ جو بھی حکمت عملی تیار کی جائے وہ قومی نوعیت کی ہو اور اس کے لئے قومی اتفاق رائے پیدا کیا جائے، مگر لگتا ہے کہ ہمارے حکمرانوں کی پالیسی تو "لڑنا لڑنا مدام لڑنا" ہے۔ تعاون کرنا اور تعاون حاصل کرنا ان کی ترجیحات میں نہیں ہے۔ اس کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ موجودہ حکومت کو قائم ہوئے دو سال ہونے کو آئے ہیں۔ اب تک قائد ایوان اور قائد حزب اختلاف کی کوئی میٹنگ نہیں ہوئی۔ کورونا بحران کے آغاز میں قومی کانفرنس کے انعقاد کے لئے بھی قائد ایوان (وزیر اعظم) نے میزبان بننا پسند نہیں کیا، بلکہ سپیکر قومی اسمبلی کو آگے کیا گیا۔ ان کی دعوت پر اپوزیشن رہنماؤں نے آن لائن شرکت کی، مگر وزیر اعظم خطاب کے بعد چلے گئے اور خطاب میں بھی مہمانوں کی آمد کا شکریہ ادا کرنا بھی مناسب نہ سمجھا۔ اس پر اپوزیشن لیڈر شہباز شریف اور چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری احتجاجاً واک آؤٹ کر گئے۔ ایک ٹی وی ٹاک شو میں سابق وزیر اطلاعات فواد چوہدری سے جب کہا گیا کہ اس موقع پر اپوزیشن لیڈر سے رابطہ ہونا چاہیے تو انہوں نے کمال لاپروائی سے کہا کہ وہ کون سے سائنسدان یا طبی ماہر ہیں جو ان سے ویکسین کی تیاری کے لئے مشورہ لیا جائے۔ سوال یہ ہے کہ سابقہ دور میں جب پشاور آرمی پبلک سکول میں دہشت گردی ہوئی تو عمران خان سمیت ساری سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں کو بلایا گیا تھا اور وہ شامل بھی ہوئے۔ حالانکہ عمران خان ٹینک ڈرائیور تھے نہ اسفند یار تو پیچی تھے جو دہشت گردوں کے خلاف قومی پالیسی میں عملی مشورے دے سکتے۔ اس وقت تو کپتان شریک ہوئے اور اپنا دھرنا ختم بھی کیا۔ بعض کام علامتی بھی ہوتے ہیں، تاکہ اتفاق واتحاد کا ماحول پیدا کیا جاسکے، مگر لگتا ہے کہ حکمران اس خواہش سے عاری ہیں یا صلاحیت ہی نہیں رکھتے۔ دونوں صورتوں میں نتائج کا حوصلہ افزا ہونا "خیال است ومحال است وجنوں" ہی ہے۔

کورونا اور سرگوشی

حیدر موسیانی

مریض ظاہر کرکے لکھ پتی بنا جائے۔۔۔
اب جبکہ سب کہتے ہیں کہ اسکا علاج دریافت نہیں ہوا تو لوگ کیسے ٹھیک ہو جاتے ہیں؟
واضح رہے کہ کورونا وائرس نہیں
عالمی سطح پر ایک بہت بڑا کاروبار ہے۔۔۔
اس کاروبار میں ممالک کے سربراہان، تمام وزراء پوری حکومتی مشینری، صوبائی حکومتیں، ڈویژنل سطح پر انتظامی افسران، ڈاکٹروں کے ساتھ ساتھ ادنیٰ سے ادنیٰ سپاہی بھی اس گھناؤنی سازش میں (نہ چاہتے ہوئے یا لاعلمی کی وجہ سے) شامل ہے۔۔۔
ہمارے ہاں افسران اسے حکم بالا سمجھ کر اداب بجالاتے ہیں، اس سے اوپر کمشنر، سیکریٹریز، وزیر، وزیر اعلیٰ، صدر، وزیر اعظم، الغرض اس بہتی گنگا میں سب (عوام کی لاش) کو لیکر غوطے لگا رہے ہیں۔۔۔
عالمی سطح پر اس سازش کو کامیاب کرنے کیلئے پانی کی طرح پیسہ بہایا جا رہا ہے۔۔۔
آنے کے باوجود بزور طاقت اسے کورونا سے منسوب کرکے اس کا قتل کر دیا گیا۔۔۔ ہمارے ہاں اداروں کی کوشش ہوتی ہے کہ ہر مرنے والے کو کورونا
یہ بات ہم مسلمانوں کی سوچ سمجھ سے بہت دور ہے۔۔۔
سازشی عناصر نے بیت اللہ بند کروا کر سعود خاندان کو اپنا اسیر کر لیا ہے باقی لوگ اسکے کسی کھاتے میں نہیں آتے۔۔۔
دعا کریں کہ کوئی زندہ یا مردہ ان سازشیوں کے ہاتھ نہ لگ جائے، یہ گدھ سے بدتر لوگ ہماری میتوں کا بھی سودا بیچیں لاکھ میں کر ڈالینگے۔۔۔
الکاذین دھرم ایمان خدا سب پیسہ ہے اور انکا سب سے بڑا دشمن اسلام ہے۔۔۔
وہ مسلمان جو آذان سن کر بھی اپنا کاروبار تھوڑی دیر کیلئے بند کرنے مسجد میں نماز پڑھنے کو تیار نہیں تھا
آج ڈنڈے کے زور پر
اپنے کاروبار سے دور رہنے پر مجبور،
مسجد مدرسہ نماز عبادات سے محروم
گھر میں مکھیاں مار رہا ہے۔۔۔
کہاں گیا اسکا کاروبار؟
کہاں گئی وہ دولت کی
ریل پیل؟
کہاں گیا وہ جاہ وجلال؟؟؟

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

بے بس حکومت بے لگام عوام، الٰہی خیر!

نسیم شاہد

طور خم میں پاک افغان بارڈر پر کورونا کی سکریننگ پر مامور پاک آرمی کے میجر محمد اصغر کورونا وائرس کا شکار ہوئے۔ جب انہیں سانس لینے کی تکلیف محسوس ہوئی تو انہیں فوراً سی ایم ایچ پشاور منتقل کیا گیا۔ وینٹی لیٹر پر تھے کہ جان کی بازی ہار گئے یوں پاک آرمی کا پہلا افسر کورونا کے خلاف لڑتا ہوا جام شہادت نوش کر گیا۔ یہ خبر ایسے موقع پر آئی جب پاکستان میں لاک ڈاؤن نرم کیا جا رہا ہے اور کاروبار کھول دیئے گئے ہیں کل روزنامہ پاکستان نے بڑی بامعنی ہیڈ لائن جمائی "لاک ڈاؤن نرم، کورونا کے حملے سخت" اس وقت ملک میں صورت حال بعینہ یہ ہے، عوام نے بزور طاقت اپنی آزادی چھین لی ہے اور حکومت کو بے بس کر دیا ہے۔ اب وہ سڑکوں پر دندناتے پھریں گے۔ دکاندار لوٹ مچائیں گے، بازاروں میں رش کے مناظر عام ہو جائیں گے اور حکومتیں یہ دہائی دیتی رہیں گی بھائیو احتیاط کرو کورونا پھیل سکتا ہے کورونا کیسوں کی تعداد تیس ہزار سے زائد ہو چکی ہے، جان ہارنے والے سات سو کے ہندسے کو چھونے والے ہیں مگر ہم نے آئیل مجھے مار کے مصداق کورونا کو پھیلنے کے لئے بھرپور مواقع فراہم کر دیئے ہیں جو یہ کہتے ہیں کہ کورونا کمزور مدافعت رکھنے والوں پر حملہ آور ہوتا ہے، وہ میجر محمد اصغر کی شہادت کو کیا کہیں گے، فوج کا ایک افسر تو بالکل فٹ اور قوت مدافعت کی مثال ہوتا ہے، اگر وہ بھی کورونا کے وار نہیں سہہ سکا تو مان لینا

شمال 1

نے کورونا وائرس کے حوالے سے قائم گیریژن قرنطینہ سہولت کا دورہ کیا اور وہاں خدمات سرانجام دینے والے اہلکاروں سے گفتگو کی، آئی ایس پی آر کے مطابق سدرن کمانڈ کے دورے کے موقع پر آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ کو سیکورٹی صورتحال، آپریشنل تیاریوں، بارڈر مینجمنٹ، پاک افغان اور پاک ایران سرحدوں پر باڑ لگانے کے کام پر تفصیلی بریفنگ دی گئی آرمی چیف کو کورونا وائرس کیخلاف لڑنے میں سول انتظامیہ کی معاونت اور صوبے کی سماجی و اقتصادی ترقی کے لئے کئے جانے والے اقدامات سے بھی آگاہ کیا گیا آئی ایس پی آر کے مطابق آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے گیریژن قرنطینہ سہولت کے دورے کے موقع پر حفظان صحت کے وضع کردہ ایس او پیز اور ہدایات کے عین مطابق قائم کردہ سہولیات کی تعریف کی اس موقع پر افسران اور جوانوں سے گفتگو کرتے ہوئے آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے افسران اور جوانوں کی لگن اور پیشہ ورانہ مہارت کو سراہتے ہوئے کہا کہ بلوچستان پاکستان کا مستقبل ہے یہ ہمارا فرض ہے کہ ہم حکومت اور عوام کو پرامن اور خوشحال بلوچستان کی تکمیل میں معاونت فراہم کریں انہوں نے تمام کمانڈرز کو ہدایت کہ وہ دور دراز علاقوں میں لوگوں تک پہنچیں اور کورونا وائرس کی وجہ سے عوام کو درپیش مسائل سے نمٹنے میں انکی مدد کریں۔ قبل ازیں کوئٹہ آمد پر کمانڈر سدرن کمانڈ لیفٹیننٹ جنرل محمد وسیم اشرف نے چیف آف آرمی سٹاف جنرل قمر جاوید باجوہ کا استقبال کیا۔

شمال 2

کہا کہ دنیا کے بہت سے ممالک نے بیج فارمنگ کے ذریعے اپنی سمندری پیداوار میں اضافہ کرتے ہوئے سمندری پیداوار کی بین الاقوامی مارکیٹ میں برتری حاصل کی ہے اور اب وہ کثیر زرمبادلہ حاصل کرکے اپنی معیشت کو مضبوط کر رہے ہیں انہوں کہا کہ بلوچستان کا طویل ساحل اور آب و ہوا بیج فارمنگ کے لیئے انتہاء موزوں ہیں جبکہ ہمارا خوبصورت ساحل سیاحت کے لیئے بھی پرکشش ہے انہوں نے کہا کورونا وائرس کے معاشی نقصانات کے ازالے کے لیئے ہمیں اپنے قدرتی وسائل سے بھرپور استفادہ کرنا ہوگا وزیراعلیٰ نے محکمہ ماہی گیری کو لینڈنگ جیٹیوں کی تعمیر اور بیج فارمنگ کے لیئے محکمہ ریونیو سے اراضی کے حصول کے عمل کو جلد مکمل کرنے اور نجی شعبہ کو راغب کرنے کی ہدایت بھی کی سیکرٹری ماہی گیری نے آگاہ کیا کہ وفاقی حکومت ساحلی ترقی کے منصوبوں کے لیئے سوفٹ قرضہ فراہم کرتی ہے اور صوبائی حکومت نے برج فائننگ کے لیئے 1500 ملین روپے مختص کیئے ہیں انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ کی رہنماء کے مطابق بیج فارمنگ اور لینڈنگ جیٹیوں کے وفاقی اور صوبائی محکمہ کے منصوبوں پر جلد عملدرآمد کا آغاز کیا جائے گا۔

شمال 3

گئے ایف آئی اے ذرائع کے مطابق جنظیر انعم سپورٹ پروگرام میں خرد برد کے الزام میں بلوچستان کے گریڈ 17 سے گریڈ 20 کے 554 افراد کو ڈسمس جاری کردئے گئے ہیں بلوچستان کے اعلیٰ عہدوں پر فائز سرکاری آفیسران نے جنظیر انعم سپورٹ پروگرام کے تحت مستحقین کو ملنے والی اپنے اہل خانہ کے نام کرا کر کروڑوں روپے کی پرچیشن کی ایف آئی اے ذرائع کے مطابق ایف آئی اے کرائم سرکل نے کرپشن میں ملوث آفیسران کے خلاف ایف آئی اے کرمنل ایکٹ 420 اور 462 کے تحت مقدمہ درج کر کے کارروائی کا آغاز کر رکھا ہے، ذرائع کے مطابق کیس میں پیش رفت کرتے ہوئے خرد برد میں ملوث 3 آفیسران نے خرد برد کی رقم ایف آئی اے میں جمع کرا دی جبکہ 70 آفیسران کے بیانات قلمبند کئے جا چکے ہیں۔

شمال 4

ملاقات کی ہے۔ پاکستان تحریک انصاف کے قومی اسمبلی میں چیف وہپ ملک محمد عامر ڈوگر بھی ملاقات میں موجود تھے۔ ملاقات میں ملک میں کورونا وائرس کی مجموعی صورتحال، پارلیمنٹیرینز کے حلقہ حلقوں میں عوامی فلاحی اور ترقیاتی امور پر گفتگو کی گئی۔ پارلیمنٹیرینز نے کورونا وائرس کی روک تھام کے حوالے سے وزیراعظم کے ویژن کی تعریف کی اور لاک ڈاؤن کی مناسب اور متوازن حکمت عملی کی بدولت عوام خصوصاً غریب اور حروف طبقے کی مشکلات میں کمی لانے کے ساتھ ساتھ ان کو ریلیف فراہم کرنے کے حکومتی اقدامات پر وزیراعظم کی قیادت کو خراج تحسین پیش کیا۔ ممبران نے اپنے حلقہ حلقوں میں عوام کو درپیش مسائل اور ترقیاتی منصوبوں پر وزیراعظم کو آگاہ کیا اور تجاویز پیش کیں۔ ملاقات میں زرعی شعبے کی ترقی کے حوالے سے مختلف تجاویز پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعظم عمران خان نے پارلیمنٹیرینز کو عوام الناس سے مستقل رابطے میں رہنے اور ان کے مسائل کے فوری حل کرنے کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اس ضمن میں حکومت ہر ممکن وسائل فراہم کرے گی۔ کورونا وائرس کی صورتحال کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ پارلیمنٹیرینز اپنے حلقہ حلقوں میں عوام کو کورونا وائرس سے بچاؤ کی حفاظتی تدابیر اختیار کرنے کی ترغیب دیں۔ وزیراعظم نے ممبران کو ناجائز منافع خوری، ذخیرہ اندوزی کی روک تھام اور عوام کو اشیائے خورد و نوش کی دستیابی کو یقینی بنانے کے حوالے سے بھی ہدایات دیں۔

شمال 5

ناقابل یقین سطح پر پہنچ جائے گی جس سے ہماری معیشت مکمل طور پر مفلوج ہو کر رہ جائے گا لہذا تاجروں کو بازیوں میں عوام کی حفاظت کی خاطر ایس او پیز پر مکمل عمل درآمد کو یقینی بنانا ہوگا۔ صوبائی وزیر نے عوام کو تنبیہ کرتے ہوئے کہا کہ وہ بلاضرورت گھروں سے نہ نکلیں کیونکہ عوام اس مرض کا شکار ہو سکتے ہیں۔ کورونا کی تباہکاریوں کو کم کرنے کے لیے حکومتی ایس او پی پر عملدرآمد انتہائی ضروری ہے۔ ایسے اقدامات خالصتاً عوام کی حفاظت کیلئے اٹھائے گئے ہیں۔

شمال 6

ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی طرف سے کورونا وائرس کی روک تھام کے لیے بروقت اٹھائے جانے والے اقدامات قابل ستائش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کہ تمام سیاسی قوتوں کو مشکل وقت میں باہمی اختلافات کو بھلا کر متحد ہونے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ قومی اسمبلی کے موجودہ اجلاس میں عوامی نمائندوں کی تجاویز کو کورونا وائرس کے خاتمے کے لیے بنائی جانے والی حکمت عملی میں شامل کیا جائے گا ڈپٹی اسپیکر کی ڈاکٹر بابر اعوان کو مشیر پارلیمانی امور کا قلمدان سنبھال پر مبارکباد بھی پیش کی مشیر پارلیمانی امور ڈاکٹر ظہیر الدین بابر اعوان نے کہا کہ موجودہ حکومت ملک میں آئین کی بالادستی اور قانون کی حکمرانی پر یقین رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت عوام کو ریلیف پہنچانے کے لیے زیادہ سے زیادہ قانون سازی کرنا چاہتی ہے انہوں نے کہا کہ کورونا وائرس کی وبا کی روک تھام اور ملکی معیشت کی بحالی میں

پارلیمنٹ کا کردار کلیدی اہمیت کا حامل ہے انہوں نے کہا کہ اراکین پارلیمنٹ کی طرف سے دی گئی مثبت تجاویز کو کورونا وبا کے خلاف بنائی جانے والی قومی حکمت عملی کا حصہ بنایا جائے گا۔

شمال 7

عملدرآمد کریں کیونکہ کورونا وائرس کی موذی مرض کو بھگانے کیلئے معاشرے کے ہر فرد کو اپنا کردار ادا کرنا ہے انہوں نے کہا کہ حکومت کورونا وائرس کے تدارک کیلئے ہر ضروری قدم اٹھا رہی ہے انہوں نے کہا کہ صوبہ میں لاک ڈاؤن میں نرمی کیا گیا ہے تاہم تاجر برادری سے درخواست ہے کہ وہ ایس او پیز پر سختی سے عمل درآمد کو یقینی بنائے دکانوں میں چار سے زیادہ لوگوں رش نہ بنایا جائے اور سوشل فاصلے سمیت دیگر طبی ماہرین کے بتائے ہوئے احتیاطی تدابیر کو اپنا کر عوام کورونا وائرس کے مہلک وائرس بچایا جائے انہوں نے کہا کہ حکومت مشکل کی گھڑی میں اپنے عوام کے ساتھ کھڑی ہے۔

شمال 8

کو نیچا دکھانے میں ناکام ہو جاتا ہے تو وہ اس طرح کے ہتھکنڈے آزمانا شروع دیتا ہے اور پاکستانی عوام میں نفرتیں پھیلانے شروع کر دیتا ہے اور وہ پچھلے کئی دہائی سے وہ اس طرح کر رہا ہے۔ صوبائی وزیر داخلہ نے کہا میں انہیں واضح طور پر یہ پیغام دینا چاہتا ہوں کہ بلوچستان کے عوام اپنی افواج کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے اور وہ ہر قسم کی سازشوں کو روند کر اور یک جان ہو کر اپنی افواج اور سیکورٹی اداروں کے ساتھ مل کر اپنے پیارے وطن کی حفاظت کے لئے جان دینے سے بھی گریز نہیں کریں گے۔

شمال 9

کی زیر صدارت ہونے والے صوبائی کابینہ کے اجلاس میں نائب تحصیلداروں کی 58 آسامیوں پر پبلک سروس کمیشن کے ذریعے بھرتیوں کا فیصلہ کیا گیا ہے جو انتہائی خوش آئند امر ہے یہ فیصلہ صوبے میں میرٹ کی بحالی کے لئے سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے جسکی ماضی میں کوئی مثال نہیں ملتی بلوچستان عوامی پارٹی کا منشور تھا کہ صوبے میں بھرتیوں کے لئے نوجوانوں کی صلاحیتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے مواقع پیدا کئے جائینگے جس پر وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال خان اور انکی کابینہ من و عن عمل درآمد کرتے ہوئے اسکا عملی مظاہرہ کر رہے ہیں انھوں نے کہا کہ اس میں کوئی دورائے نہیں کہ بلوچستان کے نوجوانوں میں صلاحیتوں کی کمی نہیں تاہم مواقعوں کے فقدان نے نوجوانوں کو آگے آنے نہیں دیا مگر ہماری حکومت بے روزگار نوجوانوں کے مسائل کا ادراک رکھتی ہے اور انکے حل کے لئے ترجیحی اقدامات اٹھا رہی ہے تاکہ صوبے سے بیروزگاری کا خاتمہ کرتے ہوئے نوجوانوں کی صلاحیتوں کو بروئے کار لایا جائے تاکہ بلوچستان ترقی کی وہ منازل طے کر سکے جنکا ہم سب نے مل کر خواب دیکھا ہے انھوں نے کہا کہ اہل بلوچستان موجودہ صوبائی حکومت پر بھرپور اعتبار رکھتے ہیں اور ہماری کوشش ہے کہ عوام کے اس اعتماد پر پورا اترتے ہوئے صوبے کے بنیادی مسائل کے حل کے لئے ایسی موثر پالیسیاں مرتب کی جائیں جسکے مثبت نتائج برآمد ہوں۔

شمال 10

عوام کو کورونا وائرس سے بچاؤ کی حفاظتی تدابیر اختیار کرنے کی ترغیب دیں۔ بدھ کو وزیراعظم عمران خان سے ممبر قومی اسمبلی رائے مرتضیٰ اقبال، ممبر صوبائی اسمبلی پنجاب سید صمصام علی شاہ بخاری، سابق ایم این اے رائے حسن نواز اور ممبر قومی اسمبلی حاجی امتیاز احمد چوہدری، سابق ممبر قومی اسمبلی چوہدری اعجاز احمد نے اسلام آباد میں علیحدہ علیحدہ ملاقات کی پاکستان تحریک انصاف کے قومی اسمبلی میں چیف وہپ ملک محمد عامر ڈوگر بھی ملاقات میں موجود تھے۔ ملاقات میں ملک میں کورونا وائرس کی مجموعی صورتحال، پارلیمنٹیرینز کے حلقہ حلقوں میں عوامی فلاحی اور ترقیاتی امور پر گفتگو کی گئی۔

شمال 11

افراد قانون کے تابع ہیں، خود احتسابی کی ایسی مثال ماضی میں نہیں ملتی۔ بدھ کو وفاقی وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز نے ٹوئٹر پر اپنے بیان میں کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب عثمان بزدار اور وفاقی وزیر اسد عمر نے چینی کمیشن کے روبرو پیش ہو کر قانون کے احترام کی ایک مثال قائم کی۔ انہوں نے کہا کہ یہ بات عملی طور پر ثابت ہو گئی کہ نئے پاکستان میں قانون افراد کے تابع نہیں بلکہ افراد قانون کے تابع ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خود احتسابی کی ایسی مثال ماضی میں نہیں ملتی۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں تحقیقاتی اداروں کی بے توقیری کی گئی، مقلیہ جاہ و جلال کے ساتھ پیشیاں ہوتی تھیں۔ انہوں نے کہا کہ اندر سوالوں کا جواب دینے کی بجائے باہر آ کر تحقیقاتی اداروں پر ہی سوال کھڑے کر دیئے جاتے، یہ قانون کا احترام اپنی سہولت کے مطابق کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ احتساب جمہوریت کا بنیادی جزو ہے۔

شمال 12

، معاشرے کے نادار طبقات کی معاشی مدد کے لیے انہوں نے غربت کے انسداد کے لئے ماہرین کا گروپ تشکیل دینے اور غربت کے خاتمے کے لیے سنٹر آف ایکسیلینس قائم کرنے کی ضرورت ہے دہشتگردی اور انتہا پسندی کو اولین ترجیح رہنا چاہیے لیکن دہشتگردی سے متعلقہ الزامات کو کسی ملک یا مذہب کو بدنام کرنے یا اس کے خلاف سیاسی ہتھیار کے طور پر استعمال نہیں ہونا چاہیے، عالمی برادری متعینہ علاقوں کے عوام پر قابض افواج کی جانب سے ریاستی دہشت گردی کی مذمت کرے۔ بدھ کو وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی نے شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے وزرائے خارجہ کے اجلاس میں ویڈیو کانفرنس کے ذریعے شرکت کی۔ روس کی جانب سے منعقدہ کورونا وبا سے متعلق ایس سی او وزراء خارجہ کونسل اجلاس میں وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی کے علاوہ ایس سی او کے رکن ممالک کے وزرائے خارجہ، سیکرٹری جنرل ایس سی او، ایس سی او علاقائی انسداد دہشت گردی ڈھانچہ کی ایگزیکٹیو کمیٹی کے ڈائریکٹر نے بھی شرکت کی۔ کورونا کی درپیش عالمی وبا کے علاوہ افغانستان سمیت خطے میں امن و سلامتی سے متعلق امور زیر غور آئے۔ وزیر خارجہ مخدوم شاہ محمود قریشی نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ کورونا وبا نے ایک غیر معمولی چیلنج سے دنیا کو دوچار کر دیا ہے جس کے اثرات مشترکہ کوششوں سے کم کئے جا سکتے ہیں خ بحران کثیر الجہتی کے امتحان کا وقت ہے اور ایس سی او میں اس سے نمٹنے کی صلاحیت ہے۔

شمال 13

معاشرے کا اہم فریضہ سرانجام دے رہے ہیں۔ بیوہ خواتین کو عید کی خوشیوں میں شامل کرنے کیلئے ہماری جدوجہد جاری رہیگی۔ غیر حضرات یتیم بچوں بیوہ خواتین کو عید کی خوشیوں میں شامل کرنے کیلئے الخدمت فاؤنڈیشن خواتین کا ساتھ دیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں یتیم بچوں کے باہمت ماؤں کے گھروں پر عیدی تقسیم کرنے کے موقع پر گفتگو میں کیا انہوں نے گھر گھر جا کر

الخدمت فاؤنڈیشن کے زیر کفالت یتیم بچوں کی باہمت ماؤں ان کے یتیم بچوں سے ملاقات کی ان کو عید و رمضان کی ضروریات کی خریداری کیلئے نقدی، عیدی فراہم کی، باہمت غیرت مند خواتین نے الخدمت فاؤنڈیشن کا شکریہ ادا کیا انہوں نے غیر خواتین وطالبات سے بھی اپیل کی کہ اس اہم ذمہ داری کو ادا کرنے کیلئے آگے آئیں اور باہمت ماؤں، یتیم بچوں، کمزور، مستحقین کی مدد کریں تاکہ دنیا و آخرت کی کامیابی یقینی بن جائیں۔ الخدمت فاؤنڈیشن گھروں میں کام کرنے والی مستحق خواتین کی مدد انہیں راشن وامداد پہنچانے کیلئے سرگرم عمل ہیں ہم عید کی خوشیوں میں شامل کرنے کیلئے ان معاشی طور پر کمزور خواتین کی مالی مدد کر رہے ہیں۔ الخدمت فاؤنڈیشن دکھی انسانیت کی خدمت بلاتفریق رنگ و نسل ملک بھر کی طرح بلوچستان بھر میں کر رہی ہے مردانہ نظم کیساتھ خواتین نظم بھی فعال ہیں راشن کی تقسیم اور عطیات جمع کرنے کیساتھ مختلف شعبوں سے منسلک خواتین کو ریلیف پہنچانا ہماری ترجیحات میں شامل ہیں۔ غیر خواتین ماؤں بہنوں اور بیٹیوں سے غرباء و مساکین کی مدد، یتیموں کی کفالت کیلئے الخدمت فاؤنڈیشن سے بھرپور تعاون کی درخواست ہے۔ الخدمت خواتین گھر گھر جا کر عزت نفس کا خیال کرتے ہوئے باہمت خواتین، یتیم بچوں اور حقیقی ضرورت مندوں کو راشن و عیدی فراہم کر رہے ہیں اس جدوجہد میں ہمیں غیر حضرات کے تعاون کی اشد ضرورت ہے۔

شمال 14

سرانجام دیئے جائیں گے ترجمان کے مطابق ابتدائی طور پر ٹیسٹ کئے جانے والے ملازمین میں سات افراد میں وائرس کی تصدیق ہوئی جبکہ دیگر کی رپورٹ منفی آئی ہے۔

شمال 15

اسلم کے مشیر خزانہ اور ریونیو کو دسویں قومی فنانس کمیشن کا رکن بنا دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئین کے آرٹیکل 160 کے مطابق صدر این ایف سی کمیشن تشکیل دے گا، کمیشن میں وفاقی اور صوبائی وزرائے خزانہ اور گورنر سے مشاورت سے دیگر افراد شامل کیے جائیں گے۔ رضا ربانی نے کہا کہ ظاہر ہوتا ہے کہ سندھ، کے پی، پنجاب اور بلوچستان سے انتخاب صدر نے گورنرز کی مشاورت سے کیا۔ انہوں نے کہا کہ آئینی طور میں کوئی گنجائش نہیں کہ این ایف سی میں کسی اور شخص کو بطور رکن شامل کیا جائے، صدر مجاز نہیں کہ وہ کسی ایسے شخص کو کمیشن کی صدارت کا اختیار دے جو کمیشن کا رکن نہیں۔ سابق چیئرمین سینیٹ میاں رضا ربانی کا کہنا ہے کہ صدر مجاز نہیں کہ وفاقی وزیر خزانہ کے نہ ہونے پر مشیر خزانہ کو این ایف سی اجلاس کی صدارت کا اختیار دے۔

شمال 16

فرنٹیئر ورکس آرگنائزیشن (ایف ڈبلیو او) پر مشتمل جوائنٹ وینچر کے ساتھ ایک معاہدے پر دستخط کئے، مذکورہ معاہدے کی مالیت 442 ارب روپے ہے۔ معاہدے پر دستخط کرنے کی تقریب میگا ہیڈل پرائیویٹ آفس کمپلیکس میں منعقد ہوئی۔ واپڈا کی جانب سے دیامر بھاشا ڈیم کے چیف انجینئر کیلو آفیسر عامر بشیر چوہدری اور جوائنٹ وینچر کی جانب سے جنگ جیانڈو نے معاہدے پر دستخط کئے۔ وفاقی وزیر آبی وسائل محمد فیصل واوڈا، چینی سفیر یا جنگ، وفاقی سیکریٹری آبی وسائل محمد اشرف، چیئرمین واپڈا لیفٹیننٹ جنرل مزمل حسین (ر) انجینئر انچیف آف پاکستان آرمی لیفٹیننٹ جنرل معظم الجاز اور ڈی جی ایف ڈبلیو او میجر جنرل کمال الظفر بھی اس موقع پر موجود تھے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر آبی وسائل محمد فیصل واوڈا نے واپڈا اور جوائنٹ وینچر کو مبارکباد دی۔

شمال 17

زبانی جمع خرچ کے سوا کچھ بھی نہیں اور نہ ہی ان اعلانات سے تاجروں، چھوٹے دوکانداروں کو کچھ ملا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کے صدر محمد کاشف چوہدری کی قیادت میں آنے والے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وفد میں مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کے تر جوان ضیا احمد راجہ تاجر رہنما غلام علی، شیخ عبدالسلیم شامل تھے۔ انہوں نے کہا نکلی ہوں پر رعایت کی مد میں اعلان کردہ 50 ارب روپے کے پیکج میں سے بھی ابھی تک کاروباری طبقے کو کچھ نہیں ملا، ہم حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ تاجر برادری کی صنعتوں، کاروبار، گاڑیوں اور دیگر قرضوں پر سود کو ختم کیا جائے اور اصل رقم کی ادائیگی 6 ماہ کے لیے موخر کی جائے جبکہ ملک میں لاک ڈاؤن کے اثرات کو کم کرنے اور معیشت کے پہیے کو رواں رکھنے کے لیے حکومت تاجروں سے ملکر ایس او پیز بنائے۔

شمال 18

ہم اپنے علاقے کے غریب عوام کی زیادہ سے زیادہ مدد کریں گے۔ اس دوران انہوں نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کہ راشن کی تقسیم کا عمل شفاف طریقے سے ہو رہا ہے اور مستحق لوگوں کو راشن کی فراہمی یقینی بنانے کیلیے ہم نے ایک کمیٹی بھی بنائی ہوئی ہے جسکے سربراہ وہ خود ہیں جو اس عمل کی ذاتی طور پر خود نگرانی بھی کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ پہلے مرحلے میں ضلع بیج کے دور دراز علاقوں میں راشن فراہم کی گئیں ہیں جبکہ دوسرے مرحلے میں تربت ٹاؤن میں راشن کی تقسیم کا عمل جاری ہے۔ اس موقع پر اے ڈی سی سراج کریم، اسسٹنٹ کمشنر تربت عزم خالد، تحصیلدار تربت صادق بلوچ اور رسالدار میجر لیویز فورس بیج اسماعیل خالق بھی موجود تھے۔

شمال 19

ہی ایس ایچ او صوتی مقبول جمالی نے جنس قبضہ میں لیکر ہسپتال روانہ کیا اور انہیں نے حملہ آوروں کی تلاش شروع کر دی جبکہ مقتول کی ابھی شناخت نہ ہو سکی مزید کاروائی پولیس کر رہی ہے۔

شمال 20

پر لڑنا ہے ریاست کا فرض صرف عوام کو تحفظ فراہم کرنے پر ہونا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے کورونا وائرس کے حوالے سے معاشی پیکج ڈرامہ بازی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے پی آئی ایس پی پیس ریلیف اور گندم خریداری کو بھی ریلیف پیکج کا حصہ بنا دیا۔ انہوں نے کہا کہ پی آئی ایس پی میں پہلے ہی پیسے موجود تھے جبکہ گندم خریداری بھی کرنا تھا تو کہاں گیا حکومت کا ریلیف پیکج، ریڑھی و ہنر مزدوروں اور سفید پوش نوکری پیشہ افراد کو بھی ریلیف فراہم نہیں کیا گیا۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ دیگر ممالک اپنے جی ڈی پی کا حصہ کورونا وائرس کیخلاف استعمال کر رہے ہیں، ہم کورونا کیخلاف حالت جنگ میں ہیں، ہم اپنے فرنٹ لائن سپاہی ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل کو کوئی پیکج فراہم نہیں کیا گیا۔

شمال 21

رکھیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے دفتر میں مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ ڈپٹی کمشنر خضدار فضیل بلوچ نے کہا ہے کہ شہری ہر صورت میں احتیاطی تدابیر اختیار کریں ہاتھ ملانے اور ایک دوسرے سے فاصلہ رکھنے پر عمل پیرا ہوں اور قومی فریضہ سمجھ کر ایک دوسرے کی مدد کریں۔ انہوں نے کہا کہ بازاروں میں رش اور بھیڑ سے گریز کیا جائے اگر کاروبار کرنے کی جزوی

اجازت دیدی گئی ہے تو اسکا مقصد یہی ہے کہ شہریوں کے لئے آسانیاں پیدا اور انہیں روزگار کے مواقع دیئے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ قیام امن کے لئے تمام تر اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں شہریوں کی جان و مال کا تحفظ ضلعی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے عوام کو تحفظ کا احساس دیکر ان کی ترجیحات پر کام کریں گے۔

شمال 22

جاوید جبار کی تقرری کے حوالے سے ردعمل دیتے ہوئے کہی، انہوں نے کہا کہ بلوچستان ایک کروڑ بیس لاکھ آبادی کا صوبہ ہے جس میں صوبے کے امور پر مخصوص اختیارات پر گرفت رکھنے والے کئی لوگ موجود ہیں جو بلوچستان کا کیس این ایف سی ایوارڈ کے اجلاسوں میں بہتر انداز میں رکھ سکتے ہیں لیکن میرٹ اور بلوچستان کی نمائندگی کی دعویدار حکومت کی جانب سے جاوید جبار کا نام بطور رکن دینے پر تعجب ہوا ہے اگرچہ جاوید جبار کی قابلیت اور انکی ذات پر ہمیں کوئی اعتراض نہیں لیکن وہ بلوچستان کے زمینی حقائق سے نا آشنا ہیں انہیں صوبے کی اقتصادی پوزیشن کے حوالے سے امور پر بھی گرفت حاصل نہیں ہے انہوں نے کہا کہ غیر بلوچستان کی بطور این ایف سی رکن تعیناتی منظور نہیں ہے ایک ایسا شخص جو صوبے کے بارے میں نہیں جانتا بلوچستان کے کیس کا دفاع کیسے کر پائیگا یہ بلوچستان کے عوام کی توہین اور زیادتی ہے ایسے اقدامات سے لگ رہا ہے کہ حکومت نہیں چاہتی بلوچستان کو اسکا جائز حق ملے، انہوں نے مطالبہ کیا کہ این ایف سی ایوارڈ کے غیر سرکاری ممبر کے لئے بلوچستان سے تعلق رکھنے ماہر امور اقتصادیات اور تجربہ کار شخصیت کو تعینات کیا جائے تاکہ صوبے کو اسکا جائز حق دلوانے کے لئے کیس کا دفاع موثر انداز میں کیا جا سکے۔

شمال 23

باوجود محکمہ زراعت کا آفس واٹسک ہیڈ کوارٹر بجائے خاران میں ہے اور محکمہ زراعت کا کوئی آفیسر واٹسک ہیڈ کوارٹر میں موجود نہیں جبکہ ٹڈی دل کی تعداد اس قدر زیادہ جبکہ جنکا خاتمہ مقامی زمینداروں کے بس کی بات نہیں جبکہ محکمہ زراعت محض واٹسک میں زبانی کلامی جمع خرچ میں مصروف ہیں اور مقامی محکمہ ٹڈی دل کے خاتمے کے بجائے چند کئی زمینداروں کو ٹڈی دل کے خاتمے کے لیئے ایک پیکٹ دوائی کے علاوہ زمینداروں کو کوئی پمپ وغیرہ فراہم نہیں کی ہے جس سے ٹڈی دل نے مقامی خشکابہ و زمینداروں سمیت سیب کے باغات کو تباہ کر دی ہے واٹسک کے سماجی حلقوں نے صوبائی حکومت کے ذمہ داراں سمیت کمشنر رخشان ڈویژن سے محکمہ زراعت واٹسک کے آفیسران کی ضلعی ہیڈ کوارٹر سے غائب ہونے اور ٹڈی دل کے خاتمے کے لیئے ہنگامی بنیادوں پر نوٹس لینے کا مطالبہ کی ہے۔

شمال 24

بلیک میلنگ کو کسی صورت حال میں برداشت نہیں کرے گی سول ہسپتال کوئٹہ میں اس وقت کورونا وائرس کی موجودہ صورتحال میں بیگ ڈاکٹرز کا کردار قابل ستائش ہے بیگ ڈاکٹرز تمام وارڈز میں چوبیس گھنٹے بلا تعطل اور مکمل یکسوئی کے ساتھ اپنی ڈیوٹیاں سرانجام دے رہے ہیں اور باقاعدگی کے ساتھ مریضوں کا علاج و معالجہ کر رہے ہیں ایم ایس نے بتایا کہ بیگ ڈاکٹرز نے ٹیلی میڈیسن سروس کے ذریعے گھر بیٹھے علاج معالجے کی مفت سہولت عوام کو فراہم کر رہے ہیں۔

شمال 25

کے قریب قائم چیک پوسٹ پر دوران چیکنگ مہران کار نمبر BDH:530 جو کوئٹہ سے کراچی کی جانب جا رہی تھی سے دوران حلاشی ایک کلو گرام سے زائد ہیروئن برآمد کر کے ایک اسمگلر رسول بخش ولد خدا بخش سکنہ جالی کو گرفتار کر کے مقدمہ درج کر لیا۔

شمال 26

میٹرو سے کرپٹ کا الزام لگایا، چین نے اس بے بنیاد الزام کو مسترد کیا۔ انہوں نے کہا کہ آج تک عدالت میں ان الزامات کے حق میں عمران خان کی طرف سے ایک ثبوت پیش نہیں کیا جا سکا۔ شہباز شریف نے کہا کہ نیب نیازی گٹھ جوڑ پر افسوس ہے، یہ گٹھ جوڑ بدترین نااہلی اور چینی، گندم، ادویات اور بی آر ٹی پشاور میں اپنی کرپشن چھپانے کی کوشش کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میڈیا پر پیگاڈے کے پرانے گھسے پٹے ہتھکنڈے آپ کی نااہلی اور خراب حکمرانی چھپا نہیں سکتے۔

شمال 27

صحافی اقبال جعفری اور خاور نعیم ہاشمی کو خراج تحسین پیش کیا گیا۔ اس موقع پر ملک میں میڈیا کے خلاف مختلف پابندیوں اور آزادی صحافت پر قدغن لگانے والے حکومتی اقدامات کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا گیا، مظاہرین سے پی ایف یو جے کے صدر شہزادہ ذوالفقار، پی یو جے کے نائب صدر یعقوب شاہوانی، پریس کلب کے صدر رضا الرحمان اور پی یو جے کے جنرل سیکرٹری رشید بلوچ نے خطاب کرتے ہوئے کہا تھا کہ کہ پی یو جے آزادی صحافت کے لئے کوڑے کھانے پر پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس کے موجودہ سیکرٹری جنرل ناصر زیدی سینئر صحافیوں خاور نعیم ہاشمی، مسعود اللہ خان اور اقبال جعفری کو سلام پیش کرتی ہے، 13 مئی 1978 کو 42 سال گزر جانے کے باوجود پاکستانی صحافی اس واقعے کو نہیں بھولے جب 1978 کو لاہور کی کوٹ لکھپت جیل میں ان صحافیوں کو صرف اس لیے کوڑے مارے گئے تھے باقی صحافی عبرت حاصل کریں اور فوجی آمریت کے سامنے گھٹنے ٹیک دیں۔ مقررین نے کہا کہ ان صحافیوں نے اپنی ذات کی خاطر یہ تکلیف برداشت نہیں کی تھی بلکہ وہ فوجی آمریت کے خلاف سینکڑوں دوسرے کارکن ساتھیوں کے ساتھ مل کر اپنے طور پر عوام کی آزادی کی جنگ لڑ رہے تھے، انہوں نے کہا کہ 13 مئی 1978 آزادی صحافت کے لئے ایک یادگار دن تھا جسے صحافی کبھی بھلا نہیں پائیں گے، آج بھی صحافیوں میں جوش و جذبہ موجود ہے اور ضرورت پڑنے پر وہ جیل جانے اور کوڑے کھانے پر بھی تیار ہوں گے۔

شمال 28

حقائق پر مبنی روزانہ دن اور رات کے شفٹ میں کی جا رہی ہیں۔ ایڈمنسٹریٹر طارق جاوید میتگل اور چیف میٹرو پولیٹن آفیسر عطاء اللہ بلوچ کے ہدایات کے مطابق ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر سلیم رند کی نگرانی میں انچارج حفاظتی جراثیم کش سپرے جعفر خان کاسی اور انکی ٹیم روزانہ کے بنیاد پر کورونا وائرس حفاظتی تدابیر اختیار کرتے ہوئے عوامی مقامات، سرکاری دفاتر اور عوامی درخواستوں پر کورونا متاثرین کے رہائشگاہوں و دیگر مقامات میں جراثیم کش سپرے کرتے ہیں۔ ماسک کا استعمال عام کریں، اپنے اپنے بزرگوں اور بچوں کے لئے۔

شمال 29

ھ کو لورالائی کوئٹہ روڈ پر قلی شاہ کاریز کے قریب موٹر سائیکل اور گاڑی کے درمیان ٹکر کے نتیجے میں محمد یار نامی شخص زخمی ہو گیا پولیس نے زخمی ہونے والے شخص کو فوری طور پر طبی امداد کیلئے ہسپتال منتقل کر دیا مزید کاروائی جاری ہے۔

شمال 30

وزیراعظم کے قریب ترین لوگوں میں سے ہیں۔

شمال 39

کریں ڈاکٹر عبدالحی بلوچ نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ 18 ویں ترامیم اور این ایف سی ایوارڈ شفاف اور منصفانہ مسئلہ ہے تقریباً 30 سال بعد اپوزیشن اور حکومتی اراکین نے متفقہ طور پر چاروں صوبوں کو صوبائی خودمختاری ملی ہے 18 ویں ترامیم اور این ایف سی ایوارڈ کی اصول کیلئے تمام سیاسی و جمہوری قوتوں کی جدوجہد اور قربانیوں سے ملی ہے انہوں نے کہا ہے حکمرانوں نے اگر صوبوں سے اختیارات واپس لئے اس سے شدید بحران کی شکل اختیار

کوئٹہ، آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ کو کوئٹہ میں سیکیورٹی صورتحال اور کورونا سے بچاؤ کے بارے میں بریفنگ دی جارہی ہے۔

عوام کا پیسہ عوام پر صحیح معنوں میں خرچ کرنا ہمارے فرائض میں شامل ہے، میر عبدالرزاق زہری

خضدار میں عوامی اسکیمات کی معیاری انداز میں تکمیل اور ان سے عوام کو استفادہ پہنچانے کے لئے اقدامات کررہے ہیں

خضدار (ن ح ن) سینئر اسسٹنٹ وائیڈ منسٹر ریونیو لوکل گورنمنٹ میر عبدالرزاق زہری نے کہا ہے کہ خضدار میں عوامی اسکیمات کی معیاری انداز میں تکمیل اور ان سے عوام کو استفادہ پہنچانے کے لئے اقدامات کررہے ہیں۔ عوام کا پیسہ عوام پر صحیح معنوں میں خرچ کرنا ہمارے فرائض میں شامل ہے۔ اور اس ذمہ داری کو احسن انداز میں نبھا رہے ہیں۔ یہ اسٹرکٹ ہمارا ہے اور یہاں کے عوام سے بقیہ نمبر43 صفحہ 3 پر

بھارت بلوچستان میں دہشتگردی میں ملوث ہے، بلال صادق عمرانی

بلوچستان میں دہشت گردی کروا رہا ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے

نصیرآباد (نمائندہ خصوصی) پاکستان پیپلز پارٹی نصیرآباد ڈویژن کے صدر و نصیرآباد کے نوجوان لیڈر میر محمد بلال صادق عمرانی کی جانب سے بھارت کے سابق میجر گورو کے دیے گئے پاکستان مخالف بیان و انڈیا کی ریاستی دہشتگردی کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ احتجاجی مظاہرے میں بھارت کے خلاف شدید نعرے بازی کی گئی۔ اور بھارت کے میجر گورو کا فوٹو نظر آتش کیا گیا۔ اس موقع پر میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے پاکستان پیپلز پارٹی نصیرآباد ڈویژن کے صدر میر محمد بلال صادق عمرانی نے کہا کہ بھارت کے سابق میجر گورو کے بیان نے پاکستان کے اس موقف کی تائید کی کہ بھارت بلوچستان میں دہشت گردی میں ملوث ہے اس بات کا ثبوت سابق میجر نے ایک پرائیویٹ چینل کو انٹرویو بقیہ نمبر49 صفحہ 3 پر

ایران سے متصل دو مزید تجارتی پوائنٹ کھول دیئے گئے

پاک ایران امیگریشن گیٹ اور زیرو پوائنٹ سے ٹرانزٹ ٹریڈ ہفتے میں تین دن کھلا رہے گا

پاک ایران امیگریشن گیٹ پر ایران سے آنے والے گاڑیوں پر اسپرے کیا جارہا ہے

تفتان (آن لائن) پاک ایران کے سرحدی شہر تفتان میں ایران سے متصل دو مزید تجارتی پوائنٹ تجارت کے لیے کھول دیئے گئے تفصیلات کے مطابق وزارت داخلہ کے حکم نامہ کے مطابق تجارتی سرگرمیوں کے لیے پاک ایران امیگریشن گیٹ اور دو طرفہ دوستانہ زیرو پوائنٹ گیٹ کو کھول دیا گیا ہے کورونا وائرس پھیلنے کے خدشات کے پیش نظر پاک ایران ٹرانزٹ ٹریڈ پچھلے دو ماہ سے بند تھے پاک ایران امیگریشن گیٹ اور زیرو پوائنٹ سے ٹرانزٹ ٹریڈ ہفتے میں تین دن کھلا رہے گا جس میں 75 ٹریلرز گاڑیوں کو تجارتی سامان ایران سے لانے کی اجازت دی گئی ہے پاک ایران امیگریشن گیٹ پر ایران سے آنے بقیہ نمبر37 صفحہ 3 پر

چاغی، پاکستان ایران دوستانہ گیٹ کھلنے کے بعد مزدور سامان کی حصول کیلئے ایران کی طرف جارہے ہیں

حکومت کی عدم توجہی کے باعث، ماچھی پور میں مختلف کھیل زوال پذیر

لائق نوجوان کھلاڑی مایوسی اور بے چینی کا شکار، اور ان پر منفی اثرات مرتب

ماچھی پور (نامہ نگار) حکومت کی عدم توجہی کے باعث، ماچھی پور میں مختلف کھیل زوال پذیر، لائق نوجوان کھلاڑی مایوسی اور بے چینی کا شکار، اور ان پر منفی اثرات مرتب ماچھی پور میں مختلف کھیل کے اسٹیڈیم قائم کرنے کے لیے اقدامات کیے جائیں رپورٹ کے مطابق ضلع صحبت پور کی تحصیل ہیڈ کوٹر ماچھی پور میں دیسے تو بے شمار سہولیات ہیں لیکن ماچھی پور میں مختلف کھیل کے اسٹیڈیم کا مکمل طور پر فقدان ہے جس کی وجہ سے نوجوان کھلاڑیوں میں مایوسی اور بے چینی پائی جارہی ہے اور وہ سماجی برائیوں کی بقیہ نمبر55 صفحہ 3 پر

چیئرمین پرائس کنٹرول کمیٹی و تحصیلدار بیلا محبوب علی چنال بیلا بازار کا دورہ

مختلف دکانوں میں سرکاری نرخنامہ کی کاپی آویزان نہ ہونے اور صفائی کی ابتر صورتحال پر اظہار برہمی

لسبیلہ (ن ح ن) اپنی کنٹرلسبیلہ ڈاکٹر وقار حسن چیئرمین اور اسسٹنٹ کمشنر سب ڈویژن بیلا کیپٹن ریحان احمد کی خصوصی ہدایت پر چیئرمین پرائس کنٹرول کمیٹی و تحصیلدار بیلا محبوب علی چنال نے لیویز فورس و پولیس کے ہمراہ دورہ بیلا بازار کے موقع پر مختلف دکانوں میں سرکاری نرخنامہ کی کاپی آویزان نہ ہونے اور صفائی کی ابتر صورتحال پر اظہار برہمی کا اظہار کیا اور کہیں دکانوں کو سیل اور مالکان کو جرمانے بقیہ نمبر62 صفحہ 3 پر

منگچر سٹی اور اولڈ قلات فیڈر پر بجلی کی آنکھ مچولی سے شہری پریشان ٹوئٹس لینے کی اپیل

منگچر (نامہ نگار) منگچر سٹی اور اولڈ قلات فیڈر پر بجلی کی آنکھ مچولی سے شہری پریشان ٹوئٹس لینے کی اپیل منگچر سٹی میں تھوڑی سی تیز ہوا چلی یا چند قطرے بارش کے پڑے تو بجلی غائب ہوتی ہیں جو واپڈا حکام کی غفلت کا منہ بولتا ثبوت ہیں بجلی بقیہ نمبر63 صفحہ 3 پر

گھروں میں قرنطینہ سے کرونا کیسز مزید بڑھ جائیگی، مولانا قاری مہر اللہ

کورونا ٹیسٹ مثبت آنے پر گھروں میں قرنطینہ ہونے سے مریضوں کی حالات تشویشناک ہے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام (نظریاتی) ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہر اللہ جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی شیخ الحدیث مولانا نیاز محمد مولانا ضیاء نظر حاجی داد محمد ضلعی کنوینر مولانا محمد ابراہیم ڈپٹی کنوینر مولوی رحمت اللہ حقانی تحصیل کچلاک امیر مفتی رحمت اللہ ودیگر نے کہا کہ گھروں میں قرنطینہ سے کرونا کیسز مزید بڑھ جائیگی کورونا ٹیسٹ مثبت آنے پر گھروں میں قرنطینہ ہونے سے مریضوں کی حالات تشویشناک ہے ہوم آئیسولیٹ ہونے والے افراد کا کوئی پرسان حال نہیں بقیہ نمبر64 صفحہ 3 پر

ملک کے معروف سماجی رہنما رانا محمد اشفاق، لوگوں کے سروں پر دست شفقت رکھنے بلوچستان پہنچ گئے

خضدار (نامہ نگار) ملک کے معروف سماجی رہنما رانا محمد اشفاق، لوگوں کے سروں پر دست شفقت رکھنے بلوچستان پہنچ گئے۔ وہ بلوچستان کے کثیر آبادی والے اضلاع اور تحصیلوں کا انتخاب لاکر وہاں کے بے سہارا اور مستحق لوگوں کے چہروں پر مسکراہٹ دے گئے۔ غریب، مفلس اور مستحق افراد میں نقدی رقم کی صورت میں عید پیکج تقسیم کی۔ بلوچستان کے ان اضلاع و تحصیلوں میں خضدار، سوراب، گدر، غل بھٹ گدر، مستونگ کھڈکوچہ لونگی، پسنی بقیہ نمبر66 صفحہ 3 پر

سی پی این ای کا اخبارات کے واجبات کی ادائیگیوں میں تاخیر پر تشویش کا اظہار

محکمہ اطلاعات سندھ اخبارات و جرائد کو براہ راست ادائیگیاں کرے، سی پی این ای کا مطالبہ

سی پی این ای کی درخواست پر چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے اخبارات کو فنڈز جاری کرنے کا حکم دیا، ڈاکٹر جبار خٹک

کراچی (پ ر) کونسل آف پاکستان نیوز پیپرز ایڈیٹرز (سی پی این ای) کے سیکرٹری جنرل ڈاکٹر جبار خٹک نے سی پی این ای کی درخواست پر اخبارات و جرائد کو واجبات کی ادائیگیوں کے احکامات اور بجٹ از محکمہ خزانہ سندھ کی جانب سے محکمہ اطلاعات کو جزوی فنڈز کے اجراء پر پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ان کی توجہ مبذول کرائی ہے کہ ان کے احکامات پر فنڈز جاری ہونے کے تقریباً ایک ماہ گزرنے کے بعد بھی اخبارات و جرائد کو تاحال کوئی ادائیگی نہیں بقیہ نمبر65 صفحہ 3 پر

حکمران سیاسی جمہوری پارٹیوں اور عوام کی رائے کا احترام کریں، بلوچ

18 ویں ترامیم اور این ایف سی ایوارڈ کی اصول کیلئے تمام سیاسی و جمہوری قوتوں کی جدوجہد اور قربانیوں سے ملی ہے

حکمرانوں نے اگر صوبوں سے اختیارات واپس لئے اس سے شدید بحران کی شکل اختیار کرے گا، سربراہ نیشنل ڈیموکریٹک پارٹی

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل ڈیموکریٹک پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ نے کہا ہے کہ 18 ویں ترامیم اور این ایف سی ایوارڈ کو چیلنج کیا گیا تو چاروں صوبوں سے عوامی سمندر حکمرانوں کو بہا لے جائے گا عوام باشعور ہیں 1971 کا سانحہ پھر سے نہ رونما ہو حکمرانوں کو عوام کی جانب سے متنبہ کرتے ہیں کہ وہ بھیڑ کی کھالوں میں بھیڑیے نہ ڈالیں اور سیاسی جمہوری پارٹیوں اور عوام کی رائے کا احترام بقیہ نمبر39 صفحہ 3 پر

اوتھل سماجی شخصیات کھیل احمد صدیقی اور تجمل احمد صدیقی اندرونی علاقہ میں متاثرہ زمین کے حوالے سے پریس کانفرنس کررہے ہیں

تبدیلی سرکار اور پی ٹی آئی نے کبھی بھی حقائق پر مبنی بات نہیں کی، بی این پی

پاکستان پیپلز پارٹی فیڈریشن کی حامی جماعت ہے جو چاروں بشمول آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کے عوام کی مقبول سیاسی جماعت ہے

پیپلز پارٹی کے قائدین نے پاکستان کے عوام کے حقوق کے حصول کیلئے اپنی جانوں کے نذرانے دیئے لیکن اصولوں پر سودے بازی نہیں کی، سید اقبال شاہ

زیارت اسسٹنٹ کمشنر لیاقت علی کاکڑ زیارت شہر کے اچانک دورے کے موقع پر گوشت کا معیار چیک کررہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سیکرٹری جنرل سید اقبال شاہ نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی تعصب پر مبنی پالیسی نہیں رکھتی لیکن وفاقی حکومت سے تعصب کی بو آرہی ہے تبدیلی سرکار نے کبھی بھی حقائق پر بات نہیں کی ہے صرف الزامات لگاتے ہیں اور چلے جاتے ہیں شاہ محمود قریشی جس بھی جماعت میں گئے ہیں اسی جماعت کے خلاف بات کی ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں سید اقبال شاہ نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی فیڈریشن کی حامی جماعت ہے جو چاروں بشمول آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کے عوام کی مقبول سیاسی جماعت ہے اور تعصب پر مبنی پالیسی نہیں رکھتی۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کے قائدین نے پاکستان کے عوام کے حقوق کے حصول کیلئے اپنی جانوں کے نذرانے بقیہ نمبر36 صفحہ 3 پر

صحافی برادری اور پریس کلبز کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کئے جائیں گے، بابر یوسفزئی

صحافی برادری کے تمام تحفظات حل کرنا اور مل بیٹھ کر صحافیوں کی فلاح و بہبود کے لئے اقدامات کرنا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے

صحافی برادری اور پریس کلبز کے تمام تحفظات کا ہمیں ادراک ہے، صوبائی رہنماء پی ٹی آئی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی رہنما بابر یوسفزئی نے کہا ہے کہ صحافیوں خصوصی برائے عاصم سلیم باجوہ سے مل کر بلوچستان کے صحافیوں کے تحفظات ان کے سامنے رکھوں گا اور انہیں حل کرنے کی بھرپور کوشش کروں گا صحافی برادری کے تمام تحفظات حل کرنا اور مل بیٹھ کر صحافیوں کی فلاح و بہبود کے لئے اقدامات کرنا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے کزشتہ روز پاکستان یونین آف جرنلسٹ کے صدر شہزادہ ذوالفقار سے ملاقات کے بقیہ نمبر48 صفحہ 3 پر

محکمہ اب پانی کے ریٹائرڈ اینڈ منسٹریل آفیسر الحاج بشیر احمد کھوکھر انتقال کرگئے

کوئٹہ (این این آئی) محکمہ اب پانی کے ریٹائرڈ اینڈ منسٹریل آفیسر الحاج بشیر احمد کھوکھر انتقال کرگئے، وہ ڈاکٹر شاہد لطیف کھوکھر، ڈاکٹر زاہد نعیم، عابد نعیم، ماجد کلیم، ماجد ندیم اور ساجد کھوکھر کے والد اور سالہ اسحاق پٹھان کے سسر بقیہ نمبر47 صفحہ 3 پر

دوکانداروں سے حکومت کے ساتھ طے شدہ ایس او پیز پر عمل کرنے کی اپیل

پانچ بجتے ہی اپنی دکانیں بند کرکے دکان سیل ہونے اور گرفتاری جیسی صورت حال سے بچیں، رحیم آغا

کوئٹہ (این این آئی) انجمن تاجران بلوچستان کے صدر رحیم آغا جنرل سیکرٹری حاجی اللہ داد ترین حاجی فاروق شاہوانی نصرالدین کاکڑ اسلم ترین حاجی یعقوب شاہ کاکڑ غلام مہدی محمد حسین ہزارہ نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کوئٹہ اور صوبہ بھر کے تاجروں سے ایک بار پھر پرزور اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ خدارا وہ دوبارہ لاک ڈاؤن جیسی صورت حال سے بچنے کیلئے حکومت کے ساتھ طے شدہ ایس او پیز پر مکمل عمل درآمد کرکے کورونا وائرس کو پھیلنے سے روکنے میں کردار ادا کریں اور پانچ بجتے بقیہ نمبر41 صفحہ 3 پر

عقیدہ تحفظ ختم نبوت کا دفاع اور حفاظت ہر مسلمان کا ایمانی فرض ہے، مفتی محمد روزی خان بادیزئی

ناموس رسالت کے خلاف بیرونی اور اندرونی سازشوں کو ناکام بنادیں گے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے ضلعی شوری کے رکن مولانا عبداللہ مسلم مولانا مفتی محمد روزی خان بادیزئی مولانا منظور احمد انقلابی مولانا مفتی عالم گل مولانا مفتی احسان الحق حقانی مولانا حافظ ثناء اللہ حسنی ٹیل مولانا عطاء الرحمن مولانا مفتی سیف الرحمن مولانا مولانا احسان اللہ فاروقی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ عقیدہ تحفظ ختم نبوت کا دفاع اور حفاظت ہر مسلمان کا ایمانی فرض ہے ناموس بقیہ نمبر42 صفحہ 3 پر

حکومت اور اپوزیشن کا قومی معاملات پر ہم آہنگی کیلئے اپنا کردار ادا کریگے، مولانا عبدالقادر لونی

مقتدر قوتوں نے جمہوریت اور سیاست کو یرغمال بنا کر نئے نئے داؤ آزمائے جارہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام (نظریاتی) پاکستان کے مرکزی کنوینر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی مرکزی جوائنٹ سیکرٹری محمد خان ایڈوکیٹ مرکزی نائب امیر مولانا عبدالرؤف مرکزی سیکرٹری مالیات مولانا عبدالستار آزاد نائب امیر مولانا محمد حیات مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ پشین صوبائی کنوینر مفتی شیخ الدین صوبائی ڈپٹی کنوینر حاجی عبیداللہ حقانی ودیگر نے کہا کہ بقیہ نمبر45 صفحہ 3 پر

لیاقت علی کاکڑ کا ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) مہر اللہ بادینی کی ہدایت پر زیارت شہر کا اچانک دورہ

زیارت (ن ح ن) اسسٹنٹ کمشنر زیارت لیاقت علی کاکڑ نے ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) مہر اللہ بادینی کی ہدایت پر زیارت شہر کا اچانک دورہ کیا۔ دورے کے دوران اسسٹنٹ کمشنر نے گوشت کے معیار اور دیگر دکانوں میں اشیاء خورد و نوش کے معیار اور قیمتوں کو چیک کیا اسسٹنٹ کمشنر لیاقت علی کاکڑ نے دکانداروں کو سخت ہدایات جاری کرتے بقیہ نمبر50 صفحہ 3 پر

ایس او پیز کی خلاف ورزی کرنے والوں کی دوکانیں سیل کی جائیں گی، مہر اللہ بادینی

عوام حکومتی تدابیر پر عمل کر کے انسداد کرونا مہم کو کامیاب بنائیں، ڈپٹی کمشنر

زیارت (ن ح ن) ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) مہر اللہ بادینی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت کی جانب سے تاجر برادری کیلئے جن ایس او پیز کو اپنانے کا کہا گیا ہے ان پر سختی سے عملدرآمد کیا جائے گا اور ایس او پیز کی خلاف ورزی کرنے والوں کی دوکانیں سیل کی جائیں گی انہوں نے کہا کہ کرونا وائرس بقیہ نمبر51 صفحہ 3 پر

عزاداری ہماری شہ رگ اور روح عبادات ہے جس پر کسی قسم کی قدغن ہرگز قبول نہیں

21 مئی 85ء کا معاہدہ تمام مذہبی جلوسوں کی برآمدگی کی ضمانت ہے، انجینئر ہادی عسکری

کوئٹہ (این این آئی) تحریک نفاذ فقہ جعفریہ بلوچستان کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ عزاداری ہماری شہ رگ اور روح عبادات ہے جس پر کسی قسم کی قدغن ہرگز قبول نہیں 21 مئی 85ء کا معاہدہ تمام مذہبی جلوسوں کی برآمدگی کی ضمانت ہے، وفاقی اور صوبائی حکومتیں شہادت حضرت علی بقیہ نمبر52 صفحہ 3 پر

جامشورو، جامعہ سندھ کے ملازمین کا لیو انکیشمنٹ نہ ملنے کیخلاف احتجاج 5 ویں روز بھی جاری

بلوچ قوم محب وطن قوم ہے بلوچوں نے وطن عزیز کے لیے قربانیاں دی ہیں، ثناء اللہ گولہ

بھارتی میجر کی نجی ٹی وی چینل پر کی گئی باتیں محض باتیں ہیں بلوچ قوم پاک آرمی کے ساتھ کھڑی ہے

نصیرآباد (نمائندہ خصوصی) ڈیرہ مراد جمالی پاکستان پیپلز پارٹی نصیرآباد کے سینئر رہنماء ثناء اللہ گولہ نے کہا ایک بھارت اپنے غلیظ پروپگنڈے سے باز آئے۔ بلوچ قوم محب وطن قوم ہے بلوچوں نے وطن عزیز کے لیے قربانیاں دی ہیں۔ بھارتی میجر کی نجی ٹی وی چینل پر کی گئی باتیں محض باتیں ہیں بلوچ قوم پاک آرمی کے ساتھ کھڑی ہے۔ مزید انکا کہنا تھا کے پاکستان پیپلز پارٹی کے بانی و چیئرمین ذوالفقار علی بھٹو نے اپنے دور حکومت میں بھارت کو منہ توڑ جواب دیا پاکستان پیپلز پارٹی بھارتی میجر بقیہ نمبر57 صفحہ 3 پر

آفسران و اہلکار یکسوئی اور لگن سے موجودہ صورتحال میں سرگرم عمل ہیں، ظفر علی ظفر

محکمے کے آفیسران اور ملازمین کے لیے رسک الاؤنس کیلئے کوششوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں

کوئٹہ (پ ر) آفیسرز ویلفیئر ایسوسی ایشن محکمہ تعلقات عامہ کے صدر وقاص شاہین اور جنرل سیکرٹری ظفر علی ظفر نے صوبائی سیکرٹری انفارمیشن شاہ عرفان قریشی اور ڈائریکٹر جنرل تعلقات عامہ محمد نعیم بازئی کو اعزاز تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ محکمے کے آفیسران اور ملازمین کے لیے رسک الاؤنس کیلئے کوششوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ اور انہیں یقین دلاتے ہیں کہ ہم ان کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔

جامعہ مہران و سندھ کے ملازمین کو لیو انکیشمنٹ نہ ملنے خلاف ملازمین کا احتجاج

جامشورو (نامہ نگار) جامعہ مہران و سندھ کے ملازمین کو لیو انکیشمنٹ نہ ملنے خلاف ملازمین نے 5 ویں روز بھی جامعات انتظامی بلاک کے سامنے احتجاج کیا سندھ و مہران کے 3 ملازمین بیوٹی عید سے پہلے لیو انکیشمنٹ نہ ملنے پر بقیہ نمبر53 صفحہ 3 پر

سرکاری ریٹ سے مہنگا گوشت فروخت کرنے پر دکان سیل تصاب گرفتار

مستونگ (نامہ نگار) انتظامیہ کا گرانفروشوں کے خلاف کاروائی کا سلسلہ جاری۔ اسسٹنٹ کمشنر مستونگ یاسر اقبال بلوچ کے ہدایت پر لیویز فورس کے چھاپہ مار ٹیم نے عوام فلکیات پر اسٹیڈیم چوک پر واقع قصائی کے دکان پر بقیہ نمبر54 صفحہ 3 پر

بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی مختلف کارروائیوں کے دوران معروف برانڈز کی جعلی و ناقص آئسکریم سپلائی کے دو اسٹوری ہیوشن یونٹ سیل کردیے گئے

کوئٹہ (ن ح ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی مختلف کارروائیوں کے دوران معروف برانڈز کی جعلی و ناقص آئسکریم سپلائی کے دو اسٹوری ہیوشن یونٹ سیل کردیے گئے جبکہ ایک میٹ شاپ کو صفائی کی ابتر صورتحال اور ایک جنرل سٹور کو زائد المیعاد اشیاء کی موجودگی پر جرمانہ کیا گیا۔ فوڈ اتھارٹی حکام نے مختلف مشہور برانڈز کی جعلی آئس کریم کے دو اسٹوری ہیوشن یونٹس کے خلاف کارروائی خروٹ آباد میں کی جبکہ دیگر کاروائیاں کاسی روڈ اور خلدآباد اور روڈ کے علاقوں میں کی گئیں۔ مزید براں فوڈ سیفٹی ٹیموں نے مذکورہ بقیہ نمبر60 صفحہ 3 پر

کوئی کرپشن میں ملوث ہوا تو وزیر اعظم اس کا ساتھ نہیں دیں گے، فواد چوہدری

جہانگیر ترین عمران خان کے قریبی لوگوں میں سے ہیں ان کی وجہ سے تحریک انصاف اقتدار میں آئی

سہولت دینا پالیسی فیصلہ تھا، جس طرح ایف آئی اے کی ابتدائی رپورٹ کو پیش کیا گیا وہ نامناسب تھا، وفاقی وزیر سائنس اینڈ ٹیکنالوجی

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر برائے سائنس اینڈ ٹیکنالوجی فواد چوہدری نے کہا ہے کہ جہانگیر ترین عمران خان کے قریبی لوگوں میں سے ہیں اور ان کی وجہ سے تحریک انصاف اقتدار میں آئی ہے۔ اپنے ایک انٹرویو میں فواد چوہدری نے چینی بحران پر جہانگیر ترین اور خسرو بختیار سمیت پی ٹی آئی ارکان کو بے قصور قرار دیا اور کہا کہ سہولت دینا پالیسی فیصلہ تھا اور جس طرح ایف آئی اے کی ابتدائی رپورٹ کو پیش کیا گیا وہ نامناسب تھا۔ انہوں نے بقیہ نمبر38 صفحہ 3 پر

حب، تحصیلدار حب مہیم خان ماہی ایام میں گرانفروشی کرنیوالے دکانداران پر جرمانے عائد کررہے ہیں

ہندو پنچایت اوتھل اقلیت و اکثریت کا نعرہ لگا کر لوگوں کو آپس میں دست و گریباں کرنا چاہتی ہے، تجمل احمد صدیقی

ہندو پنچایت اقلیت کا ناجائز فائدہ اٹھا کر لوگوں میں نفرت کو فروغ دے رہی ہے، تجمل احمد صدیقی

اوتھل (نمائندہ شمال) اوتھل کی سماجی شخصیات تجمل احمد صدیقی، جمیل احمد صدیقی نے کہا ہے کہ ہندو پنچایت اوتھل اقلیت و اکثریت کا نعرہ لگا کر لوگوں کو آپس میں دست و گریباں کرنا چاہتی ہے حالانکہ اقلیتی برادری کے ساتھ ہمارے اچھے تعلقات ہیں لیکن ہندو پنچایت ایک متنازعہ زمین پر زبردستی کام کرا کے عدالت کے فیصلے کی توہین کی مرتکب ہوئی ہے گزشتہ روز ہندو پنچایت نے جو پریس کانفرنس کرتے ہوئے جس معزز شخصیت کا نام لیا اس کا اس پلاٹ سے کوئی تعلق یا واسطہ نہیں ہے انکا سیاسی حربہ ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اوتھل میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے بقیہ نمبر58 صفحہ 3 پر

گرانی گردنواح میں ٹڈی دل حملہ باغات کو تباہ کرنے لگے

علاقہ زمیندار سخت پریشانی میں مبتلا ہوگئے ہیں، ٹڈی دل کے خاتمے کیلئے فوری اقدامات اٹھائے جائے

منگچر (نامہ نگار) گرانی گردنواح میں ٹڈی دل حملہ باغات کو تباہ کرنے لگے علاقہ زمیندار سخت پریشانی میں مبتلا ہوگئے ہیں۔ ٹڈی دل کے خاتمے کیلئے فوری اقدامات اٹھائے جائے اگر ٹڈی دل کے خلاف اسپرے نہ کیا گیا تو علاقے کے تمام باغات اور کڑی فصلیں مکمل تباہ ہوجائے گے ان خیالات کا اظہار گرانی کے زمینداروں عبداسلام محمد شمسی عبدالغفور لاشاری محمد رحیم بخاری ودیگر نے صحافیوں کے ساتھ بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ انھوں نے کہا کہ اب ٹڈی دل دانتوں کو بھی تباہ کررہے ہیں۔ اگر فوری اقدامات نہیں کیے گئے تو گرانی گردنواح کے تمام باغات کو ٹڈی دل فوج کر ختم کردیں بقیہ نمبر59 صفحہ 3 پر

صوبائی مشیر کھیل و ثقافت عبدالخالق ہزارہ، ڈپٹی اسپیکر، صوبائی وزراء اور اراکین اسمبلی صوبائی وزیر زراعت انجینئر زمرک اچکزئی کی جانب سے دیے گئے افطار میں شریک ہیں

مستونگ سٹی میں بجلی کی آنکھ مچولی سے شہری پریشان ٹوئٹس لینے کی اپیل

مستونگ (نمائندہ خصوصی) مستونگ سٹی میں تھوڑی سی تیز ہوا چلے یا چند قطرے بارش کے پڑے تو بجلی غائب ہوجاتی ہیں جو واپڈا حکام کی غفلت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ بجلی کی آنکھ مچولی بقیہ نمبر68 صفحہ 3 پر

بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کے زیر اہتمام 13 مئی کو یوم عزم کے طور پر منایا گیا

13 مئی 1978 آزادی صحافت کے لئے ایک یادگار دن تھا جسے صحافی کبھی بھلا نہیں پائیں گے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس کی کال پر بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کے زیر اہتمام 13 مئی کو یوم عزم کے طور پر منایا گیا سابق وکٹیٹر ضیاء الحق کے دور مارشل لا میں آزادی صحافت کے لیے کوڑے کھانے والے پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس بقیہ نمبر69 صفحہ 3 پر

یتیم بچوں کی کفالت کی سب سے بڑی و اہم ذمہ داری ان کی ماؤں کی ہے، یاسمین اچکزئی

ماؤں کو سہولیات و آسانی فراہم کرنا الخدمت فاؤنڈیشن کی ذمہ داری بن گئی ہے

کوئٹہ (آن لائن) الخدمت فاؤنڈیشن خواتین ونگ بلوچستان کی صدر یاسمین اچکزئی نے کہا کہ یتیم بچوں کی کفالت کی سب سے بڑی و اہم ذمہ داری ان کی ماؤں کی ہے ماؤں کو سہولیات و آسانی فراہم کرنا الخدمت فاؤنڈیشن کی ذمہ داری بن گئی ہے بیوہ خواتین کو ان کے گھروں پر ضروریات کیلئے نقدی فراہم کرکے ہم معاشرے کا اہم فریضہ سرانجام دے رہے ہیں۔ بیوہ خواتین کو عید کی بقیہ نمبر67 صفحہ 3 پر

کوئلہ کان میں کام کرنیوالے لیبرز کو جلد از جلد راشن فراہم اور حکومتی پیکج میں شامل کی جائے، کاشف حسین حیدری

رمضان المبارک کا دوسرا عشرہ بھی ختم ہونے والا ہے مگر مزدوروں کے گھر سے راشن تک ختم ہوچکا ہے

کوئٹہ (آن لائن) سماجی کارکن کاشف حسین حیدری نے کہا ہے کہ کوئلہ کان میں کام کرنیوالے لیبرز کو جلد از جلد راشن فراہم اور حکومتی پیکج میں شامل کی جائے گزشتہ دو مہینوں سے کورونا وائرس اور لاک ڈاؤن کے باعث کوئلہ کی کانوں میں بھی کام بند ہیں جس کی وجہ سے لیبرز کے گھروں میں فاقے پڑ چکے ہیں عید بھی قریب آرہا ہے اور رمضان المبارک کا دوسرا عشرہ بھی ختم ہونے والا ہے مگر مزدوروں کے گھر سے راشن تک ختم ہوچکا ہے۔

12 مئی سانحہ مستونگ کی تلخ یادیں آج بھی ہمارے دلوں میں تازہ ہیں، حافظ خلیل احمد سارنگزئی

جمعیت علماء اسلام کے کارکنوں نے جانوں کا نذرانہ دیا مگر اپنے کاز سے پیچھے نہیں ہٹے، سابق صوبائی وزیر

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے رہنما و سابق صوبائی وزیر حافظ خلیل احمد سارنگزئی نے کہا ہے کہ 12 مئی سانحہ مستونگ کی تلخ یادیں آج بھی ہمارے دلوں میں تازہ ہیں، اس واقعے میں اسلام دشمن اور پاکستان دشمن قوتوں نے براہ راست جمعیت علماء اسلام کی قیادت کو نشانہ بنایا اس واقعہ پر آج بھی دل خون کے آنسو رو رہا ہے شہداء مستونگ نے مادر وطن کی اپنے خون سے آبیاری کی۔

خاران میں دو لاکھ پودے لگانے کا اب تک 45 فیصد کام مکمل

50000 پولی تھین بیگز کی نرسری کا کام بھی مکمل کرلیا گیا ہے، ڈویژنل فاریسٹ آفیسر خاران مقبول احمد بنگلوزئی

کوئٹہ / خاران (این این آئی) سیکرٹری فاریسٹ اینڈ وائلڈ لائف ڈاکٹر محمد سعید جمالی اور پروجیکٹ ڈائریکٹر سید علی عمران کی ہدایت کے مطابق ڈویژنل فاریسٹ آفیسر خاران مقبول بنگلوزئی اور رینج فاریسٹ آفیسر بختیار احمد کی زیر نگرانی شجرکاری مہم جاری ہے ڈویژنل فاریسٹ آفیسر خاران مقبول احمد بنگلوزئی نے کہا ہے کہ ضلع خاران میں اس اسکیم کے تحت ہمیں مختلف اجزا